The Council further urged the Sudanese Government to revive the activities of Muslim religious organisations in the south of Sudan and appealed to Islamic countries to extend all possible aid to the Islamic African Centre in Khartoum.—IINA.

Troops sent to fight rebels, not Muslims

MANILA, Jan. 4: President Ferdinand Marcos said yesterday Government forces were sent to the southern Philippines to fight foreign-trained insurgents not Filipino Muslims.

He appealed to some 300 Muslim leaders he had summoned to Manila to segregate their "Muslim brothers" from the fighting, which has intensified since Martial Law was proclaimed last September.

The President in a wide-ranging speech outlined broad proposals to diffuse the explosive situation and heal the wounds between Muslims and Christians in the south.—Reuter.

Local, non-local issue settled in Baluchistan

QUETTA

DECEMBER 23: The Baluchistan Cabinet today settled the local-non-local issue and admitted three categories of residents as Baluchistanis.

They include those who were living permanently in Baluchistan before August 14, 1947; those refugees from India and occupied Kashmir who are permanently living here from a date prior to October 14, 1955; and those who have resided for a period of 20 years and intend to settle here permanently.

The Cabinet decision was taken in the light of the Special Committee's report headed by Mr. Gul Khan Naseer, Information Minister. An amendment in a special meeting of the Committee earlier in the day which was also attended by Mr. Saifullah Piracha, Deputy Leader of the Opposition, for reducing the period in case of third category from 20 to 10 years was rejected.

It is not known what would be the fate of a large number of people who have not yet completed 20 years of stay but are in possession of domicile certificates.

Bizenjo aims at greater Baluchistan

—BUGTI

QUETTA

DECEMBER 23: Nawab Akbar Bugti has expressed apprehensions that certain powers were trying to create conditions in Baluchistan similar to those in East Pakistan.

He has also charged the Governor of Baluchistan, Mir Ghaus Bakhsh Bizenjo, with designs to carve out a greater Baluchistan comprising our Baluchistan and the Iranian Baluchistan.

In a Press interview Mr. Bugti ridiculed Mr. Attaullah Mengal's statement denying his charges and said that it was no denial at all. His charges against the NAP Government and leadership in Baluchistan he said were not based on hearsay but on authentic information.

He knew, he said, that even now arms and funds from abroad were being received by these leaders. He had seen this supply with his own eyes and was in possession of documentary proof he said.

He regretted that his erstwhile friends had been using him for their own political ends but he kept quiet, he said, because he had the collective good of the people before him. When their real designs became known to him with their grave consequences, he parted company with them, he said.

Regarding separatist tendencies, he said that receipt of funds and arms from foreign countries by these leaders was itself an indication.

Local News.

'You can't live in paranoia'

Jabbar speaks for unity

MEQUON (Wis.) — "Islam is for all people," Kareem Abdul-Jabbar was saying. "Elijah Poole has taken certain tenets, certain demonology that he's made up . . ."

He shook his head. As he spoke, the rest of his fellow professional athletes in the National Basketball Association were pulling on their game uniforms in the locker rooms of the Chicago Stadium for the annual East-West all-star game.

First, as Lew Alcindor of Power Memorial High School in New York, then at UCLA, then under the Moslem name that he took—he said once that it meant "generous servant of Allah, and powerful"—Kareem Abdul-Jabbar had achieved fame as perhaps the finest centre ever to play basketball. Rookie-of-the-Year his first season with Milwaukee Bucks, the league's most valuable player the next two, he was to have played in his fourth all-star game in as many pro seasons.

Instead, his lanky 7 foot 2 inch body was half-slumped, half-stretched-out in an easy chair at his suburban home here, about 10 miles north of Milwaukee. He did not seem restless at missing the game; indeed, many players privately, regard the all-star game as a bother, a product of the avarice of the owners and the sentimentality of the sportswriters and fans.

Brutal memory

Jabbar had something else on his mind: the brutal slaying of seven people, five of them children, that he knew and with whom he worshipped. Four of the children who were killed, including one who was nine days old, were drowned.

The dead were all members of a community of Sunni, or orthodox, Moslems, who lived in a comfortable stone house in the middle-class section of Washington known as The Gold Coast. Jabbar had purchased the house and turned it over to the religious group.

Members of the Islamic community, known as the Hanafi, have blamed the slayings on Black Muslim followers of Elijah Muhammad. The leader of the Washington community, Hamaas Abdul Khaalis, had written to the leaders of Black Muslim mosques attacking Muhammad's doctrines, and Hamaas's followers believe that this may have led to the shootings and drownings.

A quiet athlete

"Apparently, they were so threatened, they had to take the lives of children," Jabbar said softly. "It must have been some fanatical person, someone very sick and ill."

Black Muslim leaders in Chicago have consistently denied any connection with the slayings. So far, they have refused comment on Hamaas's charges.

An introspective young man, perhaps withdrawn because in growing up he faced not only the problems of race, but also the feeling that his size and athletic prowess made him an oddity to others, Jabbar rarely gives the interviews common to his profession. He appears more in search of himself than of the conventional symbol of his success.

In his comfortable but unpretentious town house, shoes are taken off and left by the door in accordance with the Moslem belief that evil spirits thrive in dirt. His wife, Habiba, ushered a visitor in, then quickly disappeared in the Moslem manner, taking with her their 8-month-old daughter, who had been playing on her father's lap.

Wearing a round, furry cap and frequently leafing through a pamphlet of Islamic doctrines, Jabbar spoke of his religious beliefs and his difference with the Black Muslims. Like other followers of Sunni, he refused to call the Muslim leader by the name he had taken, referring to him instead by his orginal name of Elijah Poole.

The major difference was what he termed the Muslims' "racism," their belief that whites could not be part of their faith and are all "devils." He said that Muslims did not adhere to the classic doctrines of Islam.

"He's just made things up," he said scornfully of the Muslim leader.

Jabbar—who had declined to go to the 1968 Olympics partly in protest against the practices of what he then called "a racist nation"—recalled that he had first become interested in Islam in his high school days. The attraction grew, he remembered, probably because of the rise of black consciousness, the example of the late Malcolm X, and "a response to racism, to the bitterness and frustration that is readily apparent."

No separatist

But he quickly added: "If I was going to be a member of Elijah Poole's thing I wouldn't be an American. And this is my country, my people have shed our blood here. I don't want a separate nation.

"The things this country says it stands for are all in accord with Islam, with what the prophet Mohammed said 1,400 years ago."

There were no signs of special security arrangements in or near the Jabbar home. "You can't live in paranoia," Jabbar said, adding that the police were only a telephone call away if needed.

Seven U.S. muslims killed in 'executions'

WASHINGTON (AP-UPI-Special) — Police are seeking a motive for the execution-type slayings of seven persons, including five children, in the Washington headquarters of a Muslim religious sect.

Milwaukee Bucks basketball star Kareem Abdul-Jabbar, who bought the expensive house and donated it to the Hanafi Muslims, said of the crime: "I can think of only crazy people, lunatics, who would do it."

Jabbar, a member of the sect, was formerly known as Lew Alcindor. He was in Milwaukee when the slayings occurred yesterday afternoon in an area where many of Washington's wealthiest black families live. All the victims were black and ranged in age from infancy to 30 years, police said.

FOUR MEN SOUGHT

They said they were looking for four black men seen running from the back door of the home. Police intelligence sources indicated that as many as eight men may have taken part in the killings.

It was "definitely an execution," said a police spokesman.

Officers said they were having trouble identifying the victims. Two women who were found shot in the head, but alive, inside the house, were identified as Bibi Khaalis and Almina Khaalis, both about 20. They were in critical condition.

Three children were found drowned in an upstairs bathtub. Two other children and two adults were shot to death. Police said it was the biggest mass slaying in the city's history.

Police dogs were brought into the area and the neighborhood was searched. Guns were found in at least three places near the house. Two were reported to be pistols and the other a sawed-off shotgun.

SOME ARE WHITES

Jabbar, who joind the sect as a high-school senior, bought the home in April, 1970. After living in it for a while he turned it over to the religious group, which has no connection with the better-known Black Muslims. He continued to visit the house periodically and often stayed there overnight during trips to Washington.

The Hanafi sect is orthodox and loosely affiliated with the world-wide Moslem religion. Its followers believe in a literal interpretation of the Koran and disagree with the racial feelings of the Black Muslims. Some of the Hanafi Moslems are white.

Jabbar said there has been no antagonism between his group and other black groups, including the Black Muslims.

Judge dismisses Moslems' suit on hours mosque to be opened

Mr. Justice R. E. Holland yesterday dismissed actions arising from a long-standing dispute between two groups of Moslems in Toronto.

He said cases involving religious disputes of the kind are unfortunate and create great bitterness.

In the first action, Mansoor Ali Judge and Khawja M. Asghar sued the Moslem Society of Toronto Inc., Ayube Ally and Satali E. Kerim on behalf of themselves and all members and adherents of the Jami' Mosque of Toronto.

The Moslem Society, Mr. Ally and Mr. Kerim counter-claimed against Mr. Judge, Mr. Asghar and Mirza Qadoor Baig. Mr. Justice Holland dismissed the action with costs and the counterclaim without costs.

He said the action broadly involved a religious dispute between what he called for convenience the Pakistani and Albanian Moslem groups.

In 1969, the Moslem Society bought for $125,000 property on Boustead Avenue, purchasing it from the trustees of Morningside-High Park Presbyterian Church.

Albanian Moslems were the original members of the society but in the late 1960s and early 1970 there was a heavy influx of Moslems from Pakistan and the Indian subcontinent, Mr. Justice Holland said.

A dispute arose between the two groups. The Pakistani group, possibly more orthodox in its religious view, demanded that the Boustead Avenue premises be kept open 24 hours a day for worship, and that Moslems be allowed on the premises for some periods of time, particularly during the holy month of Ramadan, Mr. Justice Holland added.

The Pakistanis wanted no social gatherings in the building and wanted women to dress in a particular way while there.

"Historically, the Albanian group had opened their place of worship only for Friday and Saturday prayers. The society is generally a society of poor people, and the costs of keeping the premises open for longer periods were considered excessive," Mr. Justice Holland said.

"The conflict between the groups increased in intensity to the extent that the Albanians, because of abuse and disturbances at the Boustead property, have now for the greater part moved away and perform religious observances in a schoolroom rented for the purpose, apparently on Sundays only."

Mr. Justice Holland said that apart from the merits of the action, it would have seemed to him to be a simple solution for the Pakistani group to repay to the Albanian group the money provided by the Albanian group for the purchase of the property in return for title to the property.

This would enable the Albanian group to buy a place of worship separate and apart from the Pakistani group.



بہنوں کی محفل

عورت کا دل

رشید علی محمد جیبی (کراچی)

میں ان دنوں دو دن ہی میں نیا نیا آیا تھا کراچی میں کوشش بسیار کے باوجود کہیں جب سر کرنے کو کوئی جگہ نہ ملی تو دولہا بھائی نے کہا کہ یہاں آ جاؤ۔ ایک فرم میں ملازمت ہے چنانچہ میں اپنا بستر و بستر سمیٹ آپا کے یہاں چلا آیا۔ روز روز آرام کرنے کے بعد دولہا بھائی کے ساتھ ختم ہو گیا۔ خیر تھوڑی سی تلاش اور خوش قسمتی سے مجھے منتخب کر لیا گیا۔ شہر سے ذرا باہر سے دولہا بھائی کا مکان تھا جس کے بالکل سامنے ہی ذرا نشیبی جگہ پر ایک اور مکان بنا ہوا تھا جس میں ایک خاتون اپنے شوہر اور ایک چار سالہ بچے کے ساتھ رہتی تھیں۔ یہ مکان کچھ اس طرح بنا ہوا تھا کہ اوپر کے کمرے کی کھڑکیوں سے ان کا صحن سارا اور ان کے چہرے کے تمام نقوش صاف نظر آتا۔ آپا سے ان کی معمولی جان پہچان تھی۔ کبھی سر راہ دونوں کی مڈبھیڑ ہوتی تو دونوں مسکرا کر سلام کرتیں، اور اپنی راہ لیتیں لیکن اتنی معمولی جان پہچان کے باوجود مجھے حیرت اس بات پر ہوتی کہ آپا کو ایک ماہر سراغ رساں کی طرح اس خاتون کے گھر کی ہر بات کا علم تھا۔ وہ اکثر جھنجھلا کر برائیاں مجھے سنایا کرتیں اگرچہ مجھے ان باتوں سے مطلق دلچسپی نہ تھی۔ لیکن یہ سر درد کرنے والی باتیں بڑے تحمل سے سن لیتا کہ یہاں ان کی اور کوئی ایسی دوست تو ہے نہیں جسے سنا کر وہ اپنا جی ہلکا کر سکیں۔ دولہا بھائی کی طرف سے وہ بیزار تھیں، وہ مطلق۔ سو ان باتوں کو سننے کا فرض مجھ ہی کو انجام دینا پڑتا۔

آج بھی جو نہی میں آفس کو شوروم سے گھر پہنچا آپا نے سرگوشی کے انداز میں کہا۔

"آج جمیلہ اور اس کے شوہر کی کھٹ پٹ ہوئی ہے کم بخت بڑا سنگ دل ہے۔"

میں ان دنوں یہ بنستا ہوا اپنے کمرے میں چلا گیا۔ پانچ منٹ بعد میں دوبارہ کسی کام سے اپنے کمرے میں آیا تو دیکھا آپا کھڑکی سے لگی جھانک رہی ہیں۔ جمیلہ کے مکان کی طرف دیکھ رہی ہیں۔ میرے آنے کی آواز سن کر مڑیں اور مجھے دیکھ کر انگلی کو ہونٹوں پر رکھ کر چپ رہنے کا اشارہ کیا اور پھر دوبارہ مصروف ہو گئیں۔ تقریباً چھ سات منٹ بعد وہ کھڑکی سے ہٹ گئیں۔ وہ ہاتھ پکڑ کر بولیں۔

"غریب جمیلہ! کوئی سنگ دل ہے یہ جمیلہ تو عورت ہے پانی کا ستھرا، اس کی آپ بیتی میں تو آج آنسو ہی نکل آئے۔ کیا شوہر اسی کو کہتے ہیں؟"

"آپا آپ چھوڑیے۔ ان باتوں کو، آپ کو کیا ہے۔ کوئی شعلہ ہو یا برف کا تودہ، اپنے کام سے کام رکھیے۔"

اس عورت کے دماغ میں بیچ کا ابھرا ہے۔ کسی کو خاطر میں ہی نہیں لاتی نا مراد۔ آپا میری بات کو نظر انداز کرتے ہوئے نہایت غصیلے لہجے میں بولیں۔ اور میں بچے کو مارے پر بند جھپٹے ہوئی دیکھ کر الٹے قدموں چلا آیا۔ دوپہر کے وقت آپا نے مجھے آواز دی۔

"حامد ارے حامد۔ یہاں آؤ تو سہی۔ ذرا جلدی آؤ۔ کیا مزے کی بات ہے۔ باتیں ہی کہاں ختم ہوتی ہیں ان کی۔"

آپا کی پکار پر میں دوڑا چلا آیا۔ لیکن یہاں کا منظر دیکھ کر تعجب سے آنکھ میری حیرت سے کھلی۔ آپا حسب معمول کھڑکی سے لگی کھڑی تھیں۔ مجھے دیکھتے ہی بولیں۔

"دیکھو تو ہی اپنے بچے کو کس بیدردی سے پیٹ رہی ہے۔ بالکل ٹی کی طرح رسید کئے جا رہی ہے معصوم کو۔ اور میاں کو دیکھو منہ دکھائے بیٹھے کھڑے ہیں، جیسے انہیں کچھ واسطہ ہی نہیں۔ توبہ ہے عورت ہے یا....."

تاہم جمیلہ بچے کو گرتے گرتے سنبھال لیا۔ پھر اسے پہنچا کر بند کر لیا۔ آپا اور میں لاحول پڑھتا ہوا اپنے کمرے میں چلا آیا۔

اسی طرح دل میں ہے یہ سوچ کر رہتے ہیں جب کوئی جمیلہ کے گھر تک جاتے کا اتفاق ہوا تو سب کھڑکی میں کھڑی ہوتیں ہیں جو اس کے صحن میں فوراً اپنے کمرے میں آ جاتی ہیں، ہاں اس لئے کہ ذرا جو آپا سنبھالتا تیار ہوا آئی اور دیکھ جمیلہ کھڑکی سے جھانک کر دیکھتیں کہ کہیں وہ ادھر نہیں ہوتا کہ وہ بچکانے رہنے سنے میں لگی رہتیں اور یہاں تمام تر ختم ہو گئی تھی۔ کبھی یہ باہر جمیلہ اپنے ماتھے پہ بل ڈال لیتی اور دولہا بھائی کے لئے ذرا بھی وہ جانتی ہیں کیسے ان کے تمام سے بھی نہیں رہتیں آپا بے حد اس کا ذکر کرتی ہوئی جا تیں لہذا کھڑکی کے قریب جاتی کہ ماں ہیں پلٹتا رہی۔ "وہ دور ہو مجھے تم نے جمیلہ کے گھر سے بارے میں کچھ بتانے کی ضرورت نہیں، دولہا بھائی جان اور بھی کہتیں کہ وہ چیز کہتیں۔

کسی اپنے ماموں کے ہاں مری ہے۔ میں تو بھی آنی اور وہاں بھی اس بچے کی گیند ہے باقی کی جگہ سے نہ تو انہیں مارتا "ہم دونوں ان کی باتوں پر ہنس پڑتے تھے۔ اور وہ بھی جھنجھلا جاتیں اور جھنجھلا کر اس وقت ختم ہوتی جب دوبارہ جمیلہ اپنے گھر آ جاتی اور آپا کی آنکھیں کھڑکی سے اس کا جائزہ لینے لگتیں۔

اتوار کا دن تھا آپا، امی اور دولہا بھائی پکنک منانے کے لئے کسی تفریحی مقام پر گئے ہوئے تھے۔ جب گھر پر کوئی نہیں سوائے میرے تو سارا سامان آ لانے کے بعد میں اپنے کمرے میں چلا آیا۔ پھر ٹھنڈے موسم کی تبدیلی کے ساتھ ہی سر درد شروع ہو گیا کالا اور چڑچڑا کرتے ہوئے بدستور کھڑکی پر نظر ڈالی تو جلد ہی سو جانا ہے۔ دھند کا سماں ہے۔ کالی رات ہو گئی تھی میں ہی تھی کہ کب سے اچانک آپا کے کمرے سے کسی آہٹ کی روشنی سی جلتی نظر آئی۔ آپا جب تک نکیلی چاک کی یہ ہی ہیں۔ انہیں تو رات جلد نیند آ جاتی ہے۔ میں نے سوچا اور ان کے کمرے کی طرف چلا آیا، پاؤں کی آہٹ سنتے ہی آپا جو تیار ہو رہی کھڑکی سے لگی کھڑی تھیں۔ مجھے اچانک کروٹ بدلتے ہوئے۔ اور پھر آپا کو پکارا... آپا آہستہ سے میری طرف گھوم گئیں۔ لیکن یہ کیا؟؟

ان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔ چپ چاپ بے حد سرگوں تھا "کیا ہوا آپا؟ آپ رو کیوں رہی ہیں؟" نہیں ہے وہ گھبرا گئی۔ جمیلہ کی طبیعت بہت خراب ہے۔ ابھی ابھی اس کے میاں ڈاکٹر لینے گئے ہیں اور ان کے بیچارے بچے پہ لیٹا اور آنسو تیزی سے ان کے رخساروں پر بہنے لگے۔ وہ چارپائی پر بیٹھ گئیں۔ جب کہ ایک انہوں نے اشتیاق سے الماری کی طرف بڑھتی۔ لیکن شریف اور کچھ دعائیں نکالیں اور پھر پڑھتی ہوئی چپ چاپ ہو بیٹھتے ہوئے بولیں۔ یہ جمیلہ کے شوہر جاؤ یہ روپے بھی لے جاؤ ساتھ میں۔ یہ پانچ روپے کسی غریب کو دے کر جمیلہ کا صدقہ ہے۔ یہ کہہ کر وہ کمرے سے نکل گئیں۔ میں ایک دم سکتہ ہو کر ان کا دیکھتا ہی رہ گیا، سوچا "عورت کا دل کتنا خوبصورت، کتنا پاکیزہ اور کتنا گہرا ہوتا ہے۔"

دن انتظار کے

(بغدادی بیگم)

بازی وقار کی ہے سر بازار ہار کے
شکوے خدا سے کرتے ہو بلبل ذرا نہار کے

اٹھو جلاؤ خون شہیداں سے ہر چراغ
یہ کہہ رہا ہے وقت کا سبید ی پکار کے

بلبل کے بدلے داغ تو کانٹے بجائے گل
انداز اپنے بدلے ہیں فصل بہار کے

وہ میکدہ کہ تشنہ لبی جس میں عام ہو
اس میکدے کو چھوڑ کے رندو یہ مار کے

الفاظ کے پیچھے مت بھاگو بلکہ خیالات کو تلاش کرو۔ جب خیالات کا ہجوم ہو گا تو الفاظ خود بخود چلے آئیں گے۔ (ساجدہ قدوسی، کراچی)

محبت سوال ختم کر دینے کا نام ہے (ایل۔ ڈگ۔ بل) مرسلہ: عرشہ جہاں عشرت (رشید آباد)

میں نے دعوت نامہ بھیجا نہ اندرا نے چوڑیاں بھیجیں

کوئی ثابت کر دے تو میں رکنیت چھوڑ دوں گا: شوکت حیات

لاہور۔ متحدہ اپوزیشن قومی اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سردار شوکت حیات خان نے کہا ہے کہ اگر یہ ثابت ہو گیا کہ میں نے بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی کو دعوت نامہ بھیجا تھا۔ یا انہوں نے میری بہو کے لئے سونے کی چوڑیاں بھیجی ہیں تو میں قومی اسمبلی میں اپنی نشست سے مستعفی ہو جاؤں گا انہوں نے آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اس سلسلے میں آل انڈیا ریڈیو کے دعوے اور اخباری خبروں کی پرزور تردید کی اور کہا کہ میرے خلاف چلائی جانے والی مہم کا مقصد یہ ہے کہ ریڈیو مسلم لیگ کی حیثیت سے مجھے جو شہرت اور عزت حاصل ہے اسے داغدار کیا جائے قیام پاکستان میں میرا حصہ کسی تشریح کا محتاج نہیں ہے انہوں نے کہا کہ اگر سابق وزیر اعظم کے ساتھ میرے اتنے ہی قریبی تعلقات ہوتے تو میں ان سے سونے کی چوڑیوں کا تحفہ لینے کے بجائے یہ کہتا کہ وہ ہمارے جنگی قیدیوں کو واپس کر دیں سردار شوکت حیات خان نے کہا کہ وہ ہم ضمنی کو حزب اختلاف کے پارلیمانی رہنماؤں کا اجلاس ہو گا جس میں اسمبلی کی کارروائی اور آئینی سازی کے بارے میں آئندہ لائحہ عمل کا فیصلہ کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت نے ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر آئینی مسودے کے بارے میں اپنا نقطہ نظر واضح کرنے کی پیش کش اس شرط پر منظور کی ہے کہ میری تقریر کا پورا متن نشر یا شائع کیا جائے گا۔ اور کوئی حصہ اس سے حذف نہیں کیا جائے گا۔

ڈاکٹر امین اختر

ازدواجی زندگی خوشگوار بنائیے

یوں تو آنسوؤں پر کس کا بس چلتا ہے، لیکن جب نوجوان لڑکی والدین کے گھر سے رخصت ہوتی ہے تو تقریباً ہر آنکھ میں آنسو امڈ آتے ہیں۔ حد تو یہ ہے کہ بعض مرتبہ بارات میں شامل خواتین کی آنکھیں بھی یہ منظر دیکھ کر بھیگ جاتی ہیں۔ ایسے ہی ایک موقع پر جب دلہن کے چھ سالہ بھائی نے دولہا میاں کے علاوہ سب کی آنکھیں اشکبار پائیں، تو بے اختیار سوال کر بیٹھا:

"دولہا بھائی! جب سب رو رہے ہیں تو آپ کیوں نہیں روتے؟"

دولہا غریب تو کیا جواب دیتا، لیکن دلہن کے والد بزرگوار جو قریب ہی کھڑے تھے اور ازدواجی زندگی کا طویل تجربہ رکھتے تھے اپنے معصوم بیٹے کے سر پر شفقت سے ہاتھ رکھتے ہوئے بولے:

"ہم تو ابھی رو دھو کر چپ ہو جائیں گے، ساری عمر انہی کو رونا ہے۔"

اس جواب پر نوشہ میاں کے دل پر کیا گزری؟ اس کا کچھ پتہ نہ چل سکا! البتہ اس کے چہرے کی مسکراہٹ بتا رہی تھی کہ وہ اس جملے سے بہت محظوظ ہوا ہے لیکن بہرحال یہ بات قطعی یقینی اور فطری ہے کہ وہ دل میں اس لطیفے کے حقیقت نہ بن جانے کی سینکڑوں دعائیں ضرور کر رہا ہو گا اور کچھ ایسی ہی تمنائیں لے کر اس لڑکی نے بھی اپنی زندگی کے باقی ایام ایک اجنبی کے ساتھ گزارنے کا دل ہی دل میں اقرار کیا ہو گا۔

اور یہ کوئی نئی بات بھی نہیں۔ کامیاب ازدواجی زندگی کی تمنا ایک فطری خواہش ہے، لیکن کون جانے کتنے لوگوں کا یہ ارمان پورا ہوتا ہے اور کتنے لوگ اس حسرت کو سینے میں لیے جہان فانی سے کوچ کر جاتے ہیں، وہ اس کا تمام تر ذمہ دار قسمت کو ٹھہراتے ہیں۔ شادی ہم میں سے بیشتر افراد کے نزدیک ایک لاٹری ہے جس میں ناکامی کے امکانات بھی اسی قدر ہیں جس قدر کامیابی کے اور یوں لوگ ازدواجی زندگی کی کشتی حالات کے سمندر میں یکہ و تنہا چھوڑ دیتے ہیں کہ قسمت ہوئی تو یہ کشتی کنارے آن لگے گی، ورنہ تند و تیز موجوں میں گم ہو کر ڈوب جانے سے اسے دنیا کی کوئی طاقت نہیں بچا سکتی۔

بہت کم لوگ اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ حالات بدلنے کے لیے جس طاقت کی ضرورت ہوتی ہے وہ ہم سب کے پاس بلا امتیاز موجود ہے اور پھر اس کے استعمال سے اس میں ذرہ بھر کمی نہیں آتی۔ یقین نہ آئے تو آج ہی آزما کر دیکھ لیجیے۔ اندازہ ہو جائے گا کہ خوش خلقی ہی وہ دولت ہے جس سے دنیا کی ہر چیز خریدی جا سکتی ہے، حتیٰ کہ جیون ساتھی کی بے پایاں محبت بھی جس کے بغیر آپ قطعی بے دست و پا ہیں۔

یہ ایک فطری بات ہے اور اس حقیقت کو جتنی جلد محسوس کر لیں اتنا ہی بہتر ہے کہ آپ کے ساتھی کو بھی محبت اور توجہ کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنی کہ آپ کے دل میں اس کی محبت اور توجہ حاصل کرنے کی خواہش ہے۔ آپ اس ضرورت کا جتنا خیال کریں گے دوسرے کو بھی آپ کی اتنی ہی پروا ہو گی۔ عام طور پر لوگ یہ حقیقت نظر انداز کر کے دوسروں سے محبت، توجہ اور ہمدردی کے خواہاں ہوتے ہیں اور ناکام رہتے ہیں اور اس ناکامی کی تمام تر ذمہ داری دوسرے فریق پر عائد کر کے شکوہ کا سانس لیتے ہیں۔ ایسے میں وہ اس بات کا خیال بھی نہیں کرتے کہ ان کے جیون ساتھی کو بھی یہ بات اتنی ہی ناگوار گزر سکتی ہے کہ دوسرے افراد کے سامنے اس کی عیب جوئی کی جائے اور پھر جب عیب جوئی کرنے والی شخصیت وہ ہو جسے دنیا والے اور وہ خود جیون ساتھی تصور کرتا ہے، تو یہ گھاؤ اور بھی گہرا ہو جاتا ہے۔

بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں یہ بات ایک رسم کی حیثیت اختیار کر گئی ہے کہ لڑکی اپنے والدین اور گھر کے دیگر افراد کے ساتھ شامل ہو کر اپنے شوہر اور اس کے دوسرے عزیزوں کی برائیاں گنوائے اور شوہر اپنی بیوی کے نمایاں ڈھونڈنے میں اپنے والدین اور عزیزوں کی بھرپور مدد کرے۔ اس طرح شوہر اور بیوی کے تعلقات میں اعتماد کی وہ فضا قائم نہیں رہ سکتی جو کامیاب ازدواجی زندگی کے لیے نہایت اہم ہے۔

سب سے اہم مسئلہ جس سے یوں تو تقریباً دونوں ہی فریق دوچار ہوتے ہیں لیکن جو بیوی کے لیے زیادہ اہمیت یقیناً رکھتا ہے وہ ہے ایک دوسرے کے خاندان سے تعلقات کا مسئلہ۔ شادی کے بعد لڑکی اپنے گھر سے رخصت ہو کر جو نیا گھر بساتی ہے اس میں محض وہ اور اس کا شوہر ہی نہیں بلکہ اس کے شوہر کے والدین اور بہن بھائی بھی رہتے ہیں۔ اس سلسلے میں ایک اہم بات جو ہر بہو کو اپنے ذہن میں رکھنی چاہیے یہ ہے کہ اس کا شوہر جس کے ساتھ وہ تمام عمر بسر کرتی ہے ایک ماں کا بیٹا بھی ہے اور ساتھ ہی اپنے والدین کی دوسری اولادوں کا بھائی بھی اور اس کے علاوہ اور بھی بہت سے لوگ اس پر حق رکھتے ہیں۔ وہ سب اس سے محبت کرتے ہیں اور اس سے محبت اور توجہ چاہتے ہیں اور نہ صرف یہ کہ اس بات کے خواہش مند ہیں کہ ان کا بھائی یا بیٹا ان سے محبت کرے، بلکہ اس بات کے بھی دل سے خواہاں ہیں کہ وہ ان کے علاوہ کسی کو توجہ اور ہمدردی کے قابل نہ سمجھے اور ان کے یہ تمام تر جذبات قطعی فطری ہیں۔

بالکل اسی طرح یہ بھی ایک فطری بات ہے کہ خاوند اپنی بیوی کو اپنے دیگر تمام عزیزوں کے مقابلے میں زیادہ توجہ دے اور کیوں نہ دے آخر اس کی زندگی میں ایک نئے باب کا اضافہ کرنے کا باعث اس کی بیوی ہی تو ہے جو ایک طرف اس کی جنسی خواہشات کی تکمیل کا جائز ذریعہ ہے اور دوسری طرف زندگی کے دکھ سکھ میں شریک جس نے تمام زندگی اس کے ساتھ بسنے کا عہد کیا ہے، لیکن والدین اور بہن بھائیوں کی محبت کو کیا کیجیے کہ ان کے دل میں اس شخص کے لیے حسد کے جذبات پیدا ہو جاتے ہیں جس نے ان سے ان کے بیٹے کی توجہ اور ہمدردی چھین لی اور اکثر و بیشتر اس کو اس جرم کی بھرپور سزا دیتے ہیں۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے اس مسئلے کا صحیح حل کیا ہے، اگر لڑکے کے والدین اور عزیزوں کا یہ رویہ فطری ہے تو کیا بہو کو اس کی بھینٹ چڑھا دیا جائے یا......؟

بہتر یہ ہے کہ انصاف کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا جائے اور یہ انصاف اس شخصیت کے ہاتھوں ہو جسے اس صورت حال میں مرکزیت حاصل ہے، جس پر دونوں پارٹیوں کو ملکیت کا دعویٰ ہے۔ جی ہاں! صرف شوہر کی عقلمندی اور انصاف پسند رویہ ہی یہ مسئلہ سلجھا سکتا ہے۔ اس کی حیثیت منصف کی سی ہونی چاہیے ——— اُسے والدین کے خوف اور بیوی کی محبت سے بالاتر ہو کر فیصلے کرنے ہوں گے۔

ہمارے معاشرے میں چونکہ والدین کا خوف اولاد کے ذہن پر ہر وقت مسلط رہتا ہے، لہٰذا ایک بیٹا کسی بھی صورت میں اپنے والدین کی کوتاہیاں، بیوی کی موجودگی میں تسلیم نہیں کرتا اور وہ بھول جاتا ہے کہ اُسے تمام زندگی جس شخصیت کے ساتھ بسر کرنی ہے، اسی سے اپنے خیالات اور جذبات چھپا کر کس قدر کوتاہ اندیشی کا ثبوت دے رہا ہے۔

دانشمندی کا تقاضا یہ ہے کہ ابتدا ہی سے ایک دوسرے پر بھرپور اعتماد کا مظاہرہ کیا جائے۔ ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش کی جائے اور یہ جان لیا جائے کہ ازدواجی زندگی میں کامیابی دوسرے فریق کو رعب میں رکھ کر یا اس کے رعب میں رہ کر نہیں، بلکہ بھرپور تعاون اور یگانگت کی فضا قائم کرنے میں ہو سکتی ہے۔

یہ ایک یقینی بات ہے کہ آپ کو اپنے جیون ساتھی کی کچھ باتیں اور اس کے عزیزوں کے طور طریقے پسند نہیں آئیں گے لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ آپ ناصح کا کردار ادا کرنے لگیں۔ یہ خواہش اگرچہ قطعی فطری ہے کہ آپ کا شریک زندگی ایک مکمل انسان ہو، خامیوں سے مبرا اور خوبیوں کا پتلا، لیکن ایسے انسان کا وجود بہرحال ممکن نہیں۔ آپ خود کو ٹٹولیے تو کتنی ہی ایسی عادتوں میں مبتلا ہوں گے جنہیں ناپسند کرنے کے باوجود ترک کرنے سے قاصر ہیں۔ پھر جب آپ ایسا نہیں کر سکتے تو دوسرے فریق سے اس کی توقع رکھنا یقیناً خود کو اذیت میں مبتلا کرنا ہے۔ تاہم ناپسندیدہ عادات کو ترک کروانے پر اصرار ہے تو خدارا، دوستانہ رویہ اختیار کیجیے

ان خامیوں کا اظہار اول تو کبھی دوسروں کے سامنے برملا کریں اور دوسرے اپنے شریک حیات کا کسی سے مقابلہ کرنے سے بھی اجتناب برتیں۔ دوسرے کیا کرتے ہیں، کیا نہیں کرتے؟ آپ کو اس سے کیا تعلق؟ آپ کی نظر لوگوں کی خوبیوں پر ہے ان کی پوشیدہ خامیوں اور برائیوں سے آپ قطعی بے خبر ہیں۔ یہ چیزیں انہی لوگوں کو معلوم ہو سکتی ہیں جو ان کے زیادہ قریب ہوتے ہیں! چنانچہ دوسری شخصیتوں سے اپنے زندگی کے ساتھی کا موازنہ کر کے خود کو اور اس کو ذہنی اذیت میں کیوں مبتلا کیا جائے، جبکہ دنیا میں کوئی بھی خامیوں سے مبرا نہیں۔ کیوں نہ اپنے اندر تبدیلیاں پیدا کر کے ازدواجی زندگی مزید خوشگوار اور اپنے جیون ساتھی کے لیے خود کو زیادہ قابل محبت بنانے کی کوشش کی جائے اور پھر یہ کام بڑا آسان بھی ہے، چھوٹی چھوٹی باتیں ازدواجی زندگی کی مسرتوں میں اضافے کا باعث بن سکتی ہیں! مثلاً اس کی پسند کا لباس پہن کر، اس کی چھوٹی چھوٹی اور معمولی ضرورتوں اور دلچسپیوں کا خیال کر کے، اس کے مسائل سمجھ کر، اس پر بھرپور اعتماد کا مظاہرہ کر کے، اس کو اپنے مسائل سے آگاہ کر کے اور اس سے مشورے طلب کر کے اور پھر ان مشوروں کو دوسروں کی رائے اور مشوروں پر ترجیح دے کر غرض ہر طریقے سے اپنے ساتھی کو یہ احساس دلانے کی کوشش کیجیے کہ آپ دنیا میں کسی کو اس کا ہم پلہ نہیں سمجھتے اور آپ نے اُسے ایک انسان کی حیثیت سے قبول کر لیا ہے۔ انسان — جو اچھا بھی ہے اور برا بھی۔ ▪▪

آپکی معلومات کیلئے....!

نغمہ سعید کے

سوال نمبر ا۔ حضور اکرمؐ کے صاحبزادوں کی تعداد تو تین تھی کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیاں کتنی تھیں؟

۲۔ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک خاتون کو یونیورسٹی کا وائس چانسلر مقرر کیا گیا ہے۔ کیا آپ ان خاتون کا نام بتا سکتی ہیں؟

۳ گلاب کا عطر مغلیہ عہد کی ایک مشہور ملکہ نے ایجاد کیا تھا۔ ذرا آپ اس ملکہ کا نام تو بتائیے۔

۴ دنیا کا وہ واحد ملک کون سا ہے جہاں خواتین کو حق رائے دہی دوسروں سے پہلے کا حق حاصل ہوا ہے۔

۵ برصغیر کی ایک مشہور ہندو خاتون کو اقوام متحدہ کی پہلی خاتون صدر ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ کیا آپ کو ان خاتون کا نام معلوم ہے؟

۶ مردوں کی باسکٹ بال ٹیم پانچ کھلاڑیوں پر مشتمل ہوتی ہے آپ بتائیے کہ خواتین کی باسکٹ بال ٹیم میں کھلاڑیوں کی تعداد کتنی ہوتی ہے۔

۷ نوبل پرائز دنیا کا ایک اہم ترین اعزاز ہے جو ۱۹۰۱ء میں شروع کیا گیا۔ ذرا بتائیے کہ کس خاتون نے سب سے پہلے یہ اعزاز حاصل کیا؟

۸ پاکستان میں "ملکہ موسیقی" کا خطاب کس خاتون کو دیا گیا؟

۹ اس امریکی خاتون کا نام بتائیے جو ہزہد وہ دوسری پیشگوئی کی ماہر ہے؟

۱۰ "آبلہ پا" اردو کی ایک مشہور ادیبہ کا ناول ہے جس پر انہیں ۱۹۶۵ء میں آدم جی انعام بھی دیا جا چکا ہے؟ کیا آپ ان کا نام بتا سکتی ہیں؟

جوابات

[illegible]

لطیف اُویسی۔

لیل و نہار

انسان کی قیمت ــــ ؟

جنوبی افریقہ کے اصل باشندے حبشی نژاد ہیں، جو وہاں کی اکثریت ہے۔ سفید نسل والی قوم وہاں کی اقلیت ہے جو حاکم ہے اور کھُلم کھُلا نسلی امتیاز کرتی ہے۔ وہ سفید فام سیاہ رنگت والوں سے غلاموں سے بھی بدتر سلوک کرتے ہیں۔ ان کے راستے الگ ہیں۔ پبلک مقامات پر ان کے بیٹھنے کی جگہ الگ ہے، ان کے لیے الگ سینما گھر اور ریستوران ہیں۔ وہاں کے کالے انسان کی قیمت کا اندازہ پچھلے ہفتے کی اس خبر سے لگایا جاسکتا ہے کہ ایک سفید فام پولیس مین نے ایک کالی عورت کے چہرے پر اپنا پستول رکھ کر گولی چلادی جو اس کے جبڑوں کو چیرتی ہوئی دوسری طرف نکل گئی۔ وہ عورت وہیں ہلاک ہوگئی

پولیس مین کی سزا ــ ؟ ایک سو پچیس ڈالر! ستم ظریفی دیکھئے کہ انھیں دنوں وہاں ایک شخص کو Play Boy میگزین (جسے وہاں فحش سمجھ کر ممنوع قرار دیا گیا ہے) رکھنے پر تین سو پچھتر ڈالر جرمانہ کیا گیا۔ یعنی Play Boy رکھنے کا جرم ایک انسان کو بہیمانہ قتل کرنے سے بدتر ہے!

دیکھتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے

ویت نام جھگڑے کا خمیازہ

اتنی خون خرابی، اتنی تباہی اور بربادی کے بعد دنیا کی عظیم ترین طاقت نے دُنیا کے ایک چھوٹے سے ملک سے سمجھوتا کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے ــ ویت نام میں امریکی فوجی مداخلت کا خاتمہ ہوگیا ہے ــ ویت نام کے باشندوں کو خود اپنی قسمت کا فیصلہ کرنے پر چھوڑ دیا گیا ہے۔

اس جنگ میں امریکہ کو نہ ہی فتح حاصل ہوئی ہے اور نہ ہی بظاہر شکست۔ امریکی باشندوں کو اس جنگ کے خرچہ کے لیئے ایک سو پچیس بلین ڈالر کا بار اٹھانا پڑا ــ تقریباً پچپن ہزار امریکی نوجوانوں کو جان سے ہاتھ دھونا پڑا اور تین لاکھ زخمی ہوئے۔ اس عظیم مالی اور جانی نقصان کے علاوہ امریکہ کو سالہا سال تک اس جنگ کا خمیازہ بھگتنا پڑیگا جو اس جنگ نے امریکی معاشرے پر نفسیاتی اور ذہنی خلفشار کی صورت میں چھوڑا ہے۔

اس بے اصولی جنگ نے جہاں My Lai جیسے سانحات ہوئے امریکی عوام کا اعتماد چھین لیا ہے۔ چونکہ اس جنگ میں مرنے اور مارنے کے لیے نوجوان ہی بھرتی کیئے جاتے تھے اسی لیے نوجوان طبقہ اپنے والدین کے خلاف ہوگیا جس کی بناء پر 'Generation Gap' Hard Hats 'Silent Majority' جیسے سلوگن (Slogan) بنے' نوجوان پود میں آج جذبہ حب الوطنی کا فقدان ہے۔ کئی نوجوان ڈرافٹ (Draft) سے بھاگ کر دوسرے ملکوں میں جا بسے ہیں' کئی دنیا سے لاتعلق ہوکر ہپی بنے گھومتے ہیں' ہزار ہا امریکی نوجوان آج خطرناک Drugs کے عادی ہوچکے ہیں۔

آڑتالیسواں سال

[illegible]

(آئرش)

ترجمہ : ل۔م۔ بشاہد

آج وہ شاید زندگی میں پہلی بار مُضطرب تھا۔

یہ اتنی انہونی بات تھی کہ اُس کی بیوی کو بالکل یقین نہیں آیا۔

اُس نے جو واقعہ بیان کیا وہ کچھ اِس طرح تھا۔

آج دوپہر کو جب میں لنچ کے لئے دفتر سے باہر نکلا تو دیکھا کہ اُس تنگ گلی میں ایک کار بڑی تیزی سے آرہی تھی۔ ایک شخص چلتے چلتے سڑک پار کرنے کے لئے بغیر دیکھے مُڑ گیا۔ میں نے لپک کر اُس شخص کی بانہہ تھام لی۔ کار قریب سے کھڑکھڑاتی ہوئی نکل گئی۔

"اگر میں نہ ہوتا تو آپ زندہ نہ ہوتے۔" میں نے اُس شخص سے کہا ــ اور پھر ہم ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر مسکرا پڑے۔ ہم نے ایک ساتھ لنچ لیا۔ لنچ کے بعد بھی ہم کافی دیر تک بیٹھے رہے۔ سگریٹ کے دھوئیں میں کئی موضوعات پر باتیں ہوتی رہیں۔

جب اُس کا شوہر اُس اجنبی کے بارے میں پُوری بات بتانے لگا تو اُسے پتہ چلا کہ اُس نے دھیان ہی نہیں دیا تھا کہ وہ اجنبی لمبے قد کا تھا یا چھوٹے قد کا تھا۔ موٹا تھا یا دُبلا۔ گورا تھا یا کالا۔ اُسے صرف اُس کی آنکھیں یاد تھیں۔ اُن آنکھوں میں کوئی خاص بات تو نہ تھی۔ مگر کوئی بات ضرور تھی۔

"لگتا ہے تم اُسے پیار کرنے لگے ہو ــ" بیوی نے ہنس کر کہا۔

"یہ پُوری کہانی تو سُنو۔ کہانی پریوں کے قصے جیسی ہے۔" شوہر نے کہا۔ "اُس شخص نے پُوچھا کہ میری دلی خواہش کیا ہے۔ یہ سوال کس قدر عجیب تھا۔ میں نے تقریباً وہ سب کچھ سوچا۔ جو ایسا سوال اُٹھنے پر سب سے پہلے دل میں آتا ہے۔ اور وہ گھِسی پٹی کہاوت ہے نا...... HEALTHY, WEALTHY AND WISE ... انسان یہی سب کچھ چاہتا ہے۔ پہلے میں نے اُس سے دولت کی بات کہی ــ مگر بہت سوچنے پر میں اس نتیجے پر پہنچا کہ مجھے دولت کی اتنی ضرورت نہیں ہے"

"مگر دولت تو ہمیشہ کام آتی ہے ــ" بیوی نے ٹوکا۔

"ٹھیک ہے لیکن ذرا سوچ کر دیکھو۔ ہمارے بچے نہیں ہیں۔ ہماری ضرورتیں اِس قدر کم ہیں کہ تنخواہ ہی سے بہ آسانی پُوری ہوجاتی ہیں۔ اگر کام چھوڑ بھی دوں تو بھی SHARES میں اتنا کافی لگا رکھا ہے کہ آرام سے زندگی بھر کھاتے پیتے رہیں۔ اِس لئے کافی سوچ وچار کے بعد میں اِس نتیجے پر پہنچا کہ مجھے دولت کی ضرورت نہیں ہے۔ عقل بھی پاس ہے اور صحت بھی میسّر ہے ــ"

"تم نے ٹھیک ہی کیا۔ اگر تم حد سے زیادہ عقلمند ہوجاتے تو میں کیا کرتی ــ" بیوی بولی۔

"جب میری سمجھ میں کچھ نہیں آیا تو میں نے اُس شخص سے رائے طلب کی۔ لیکن اُس نے کہا کہ اِس معاملے میں میں آپ کی کچھ مدد نہیں کرسکوں گا۔ کیونکہ انسان کی الگ الگ فطرت ہوتی ہے۔ آپ کی خواہش کیا ہے' یہ آپ کو خود ہی تلاش کرنا ہوگا۔ تب میں نے اُس شخص سے کہا کہ مان لیجئے کہ میری جگہ آپ ہوں تو بتائیے آپ کیا مانگیں گے۔ ؟ اُس نے کہا ــ "میں تو کچھ بھی نہیں مانگتا ــ" میں حیران رہ گیا۔ میں نے نہایت سنجیدگی سے اُس کے جملے پر غور کیا تو وہ اپنی جگہ دُرست تھا۔"

"اور ــ" بیوی بول اُٹھی۔

"سُنو تو پُوری کہانی ــ" شوہر اپنی کہانی کو جاری رکھتے ہوئے بولا ــ "تب اچانک مجھے خیال آیا۔ میں نے سوچا ــ میری عُمر اڑتالیس برس کی ہے۔ میں پھر بھی صحت مند ہوں۔ میرے پاس سب کچھ ہے۔ مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں۔ لیکن وہ کیا چیز ہے جسے میں ہمیشہ رکھنا چاہتا ہوں۔ مجھے محسوس ہوا کہ دھیرے دھیرے میرا اڑتالیسواں سال ختم ہوتا جارہا ہے۔ اِس لئے میرے دل میں ایک خواہش پیدا ہوئی کہ جب تک میں زندہ رہوں اڑتالیسواں برس ہی چلتا رہے۔ پھر میں نے ابدی زندگی کے بارے میں سوچا۔ ابدی زندگی بوریت پیدا کرتی ہے۔ ہمیشہ زندہ رہنے کی خواہش ایک حماقت ہے۔ لیکن میں جب تک زندہ رہوں' صحت مند رہوں۔ اِس سے اچھی بات اور کیا ہوسکتی ہے۔ اور یہ سوچ کر میں نے اپنی دلی خواہش کا اظہار کردیا کہ میں جب تک رہوں اسی طرح رہوں ــ"

"تمہیں ایسی خواہش کا کیا حق ہے جو میری نظر میں غیر مناسب ہو۔ اِس وقت تم عُمر میں مجھ سے بڑے ہو لیکن اب میں چند سال میں تم سے بڑی ہوجاؤں گی ــ" بیوی نے غُصّے سے کہا۔

"میں نے اِس پر بھی سوچا۔" شوہر نے بتایا ــ "لیکن پھر میں نے سوچا کہ اب میں تو اُس سرحد سے گُذر چکا ہوں جہاں میں تمہارے حُسن سے متاثر ہوتا تھا۔ اِس لئے میں نے ایسی آرزو کی ــ"

"اُس نے کیا کہا ــ ؟" بیوی نے پوچھا۔

"کچھ بھی نہیں۔ صرف سر کو ہلا دیا۔ اور پھر ہم اپنی باتوں میں لگ گئے۔ مذہب' موت' جذبات اور نہ جانے کس کس موضوع پر باتیں کرتے رہے۔ سچ کہتا ہوں۔ آج میں بے حد پُرسکون ہوں۔"

بیوی جیسے سوتے سے جاگ گئی اور ہنس کر بولی۔ "تم بھی کتنے احمق ہو۔ کوئی اِس طرح ہمیں باتیں کرتے ہوئے سُن لے تو کتنا مذاق اُڑائے گا۔"

وہ بھی ہنسنے لگا ــ پھر دونوں کھانا کھا کر سونے چلے گئے۔

بیوی نے خواب میں دیکھا ــ

ایک سمت کوئی جہاز کچھ تلاش کرنے جارہا ہے۔ وہ اس پر سوار ہے۔ اور بھی کئی لوگ جہاز پر ہیں۔ سویرا ہوتا ہے' وہ باہر جھانک کر دیکھتی ہے۔ وہ کسی برفیلے علاقے میں ہے۔ سب گرم کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔ سردی شدید ہے۔ پھر سبھی لوگ جہاز سے نکل کر برف پر دوڑنے اور پھسلنے لگتے ہیں۔ نہ جانے کتنی دیر تک ــ پھر اُسے چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔ وہ پیچھے رہ جاتی ہے اور لڑھکنے لگتی ہے۔ لُڑھکتے لُڑھکتے برف کے ایک ٹکڑے کو پکڑ لیتی ہے اور اپنے دونوں بازوؤں میں سمیٹ لیتی ہے۔ اب اُسے کہیں کوئی نظر نہیں آتا۔ آدمی نہ جہاز ــ بس برف ہے اور جسم کو چیرتی ہوئی سردی ــ

اُس کی نیند ٹوٹ گئی۔ اور اُس نے دیکھا۔ شوہر اُس کی بانہوں میں سمٹا پڑا ہے۔ بالکل برف کی طرح سرد ــ لاش کی طرح ٹھنڈا۔ ▼

میرے ہے اُس نظریاتی اختلاف کی قیمت جسے جان فوسٹر ڈلس نے شروع کیا' جس نے مرحوم لنڈن جانسن کو لے ڈوبا اور جو آج صدر نکسن اور کیسنجر کے ہاتھوں سرانجام پائی ــ!

صیاد اپنے دام میں

آج سے سولہ برس پہلے پروفیسر جان بارڈین (John Bardeen) کو ٹرانسسٹر ایجاد کرنے پر نوبل پرائز ملا۔ پچھلے دنوں جب اُن کی یونیورسٹی نے ان کے ایک بار پھر نوبل پرائز حاصل کرنے پر ایک تقریب منعقد کی تو وہ وہاں کافی دیر سے پہنچے۔ پوچھنے پر معلوم ہوا کہ پروفیسر صاحب کے Transistorize کیئے گئے گیراج کے دروازے نے کھلنے سے انکار کردیا۔ چنانچہ ان کے ایک دوست نے انھیں اپنی کار میں بٹھا کر اِس تقریب پر پہنچایا ــ!

آشیانہ

چار تنکے سہی' مگر صیاد
میری دُنیا تھی آشیانے میں — قیس مونگیری

•

ہم نے اپنے آشیانے کے لئے
جو چُبھیں دل میں وہی تنکے لئے — وحیدالدین وحید

•

ہم ایسے بدنصیب کہ اب تک نہ مرگئے
آنکھوں کے آگے آگ لگی آشیانے میں — یگانہ چنگیزی

•

زباں کٹتی ہے ذکرِ آشیاں پر
تمنا بھی بہت تھی آشیاں کی! — فانی

•

تنکے ہی سہی مگر وہ مسافر نواز تھے
بجلی تڑپ رہی ہے مرا آشیاں نہیں — مضطر مظفر پوری

•

کیا بتاؤں کس قدر زنجیرِ پا ثابت ہوئے
چند تنکے جن کو اپنا آشیاں سمجھا تھا میں — نامعلوم

•

اب تک کچھ آشیاں کا سماں سا نظر میں ہے
گو میں قفس میں تازہ گرفتار بھی نہیں — عزیز لکھنوی

•

حیاتِ آشیاں محسوس ہوتی ہے قفس میں بھی
بقدرِ خطرہ گلچیں نہ خوفِ دام ہے ساقی — امیر بخوی

•

- عورت پھول ہے۔
- عورت شبنم ہے۔
- عورت موم ہے۔
- عورت کا دل کانچ کی طرح نازک ہوتا ہے۔
- عورت جب آنسو بہاتی ہے تو سمندر بنا دیتی ہے۔
- عورت کے بغیر کائنات بالکل بے رنگ ہے۔
- عورت کائنات کا مکمل حسن ہے اور اس کے ساتھ عورت فساد کی جڑ بھی ہے۔

حلال گوشت کی پہلی دوکان

نمائندہ خصوصی

آج سے پانچ برس پہلے ٹرانٹو میں وارد ہوا تو سردی کا موسم تھا۔ کینیڈا کی سردی میں اپنے ملک کی یاد تو آنی ہی تھی، گھر کے خوشگوار ماحول اور کھانا بہت Miss کیا۔ یہاں یہ بھی فکر تھی کہ کھانے کو کیا ملے گا۔ یوں تو سپر مارکیٹ سے سبھی کچھ دستیاب تھا مگر جب تک گوشت خور کو گوشت نہ ملے کھانے کا لطف نہیں آتا۔ اب گوشت کی تلاش شروع ہوئی۔ حلال گوشت کی، جان پہچان کے مسلمانوں سے پوچھا، ٹیلی فون ڈائرکٹری کی معرفت لوگوں سے رابطہ قائم کیا۔ سب نے ایک ہی جواب دیا، حلال گوشت یہاں کہاں!

ہر طرح کے مفت مشوروں سے نوازا گیا۔ "میاں کچھ ترقی کرو اور حلال حرام کو بھول جاؤ" ایک ترقی پسند کا ارشاد تھا۔ مجبوری ہے تو کھا لو ایک ذات شریف کا مشورہ تھا۔ مجبوری کیسی اور حرام سے پرہیز کیوں نہیں؟

ادھر ہمارے تقویٰ کا یہ عالم کہ انڈہ ہی انڈہ کھا رہے ہیں مگر مرغی کے چوزہ کی گردن کا تصور، ہر کونے پر بیٹھے ہوئے مرغ کی دوکان دشمن ایمان — گو اندر کا مسلمان تلوار لیکر سامنے آجاتا اور ہم لاحول پڑھتے ہوئے قریب سے نکل جاتے۔

کچھ علامہ قسم کے لوگوں نے کہا کہ کوشر گوشت کھانے میں کچھ حرج نہیں — مگر ایک تو صوتی طور پر کوشر اور حلال کا خلط نہیں ملتا۔ دوسرا یہود قوم کے گوشت کو حلال سمجھ کر کھانا ہمیں ذاتی طور پر پسند نہیں تھا علاوہ ازیں ثقہ مسلمان کوشر کے متعلق شک و شبہ کا اظہار کرتے ہیں۔ دن اسی طرح گزرتے رہے، اس بر اعظم اور ہمارے شہر میں مسلمانوں کی تعداد بڑھتی رہی۔

۱۹۸۰ء کے آغاز میں یہ خبر ہم سب تک پہنچی کہ پاکستان کے ایک تاجر نے حلال گوشت کی دوکان کھولی ہے، PAPE AVE پر "حاضری" دینے پہنچے تو "پاکستان کلب" کا منظر تھا۔ ایک فرش سے چھت تک طویل اور منحنی سے صاحب سے تعارف ہوا، جو چند لمحہ پہلے تک ایک موٹے تازے (ذبح شدہ) بکرے سے کشتی لڑنے میں مصروف تھے — یہ ایوب قریشی تھے۔



دل میں آئی کہ نعرہ تکبیر بلند کروں اور ان کا مرید ہو جاؤں کیونکہ پیر تم اب تک کہاں تھے! مگر اک مختصر گوشت حاصل کرنے پر اکتفا کیا۔

پھر تو ان سے ملاقاتوں کا سلسلہ طویل ہوتا گیا۔ ایوب قریشی اور الیفزوالیشن ترقی کی منزلیں کرتے رہے۔

اس ہفتہ الیفزوالیشن کی دوسری سالگرہ ہے۔ اس شہر میں مقیم مسلمان ان کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتے ہیں، گو اب گوشت کی دوسری دکانیں بھی کھل گئی ہیں، مگر پہلی مرتبہ حلال گوشت کی خریداری لذت بھلا کس طرح فراموش کی جا سکتی ہے —

اب ان کی سرگرمیوں کا دائرہ دوسرے شعبوں میں بھی پھیل گیا ہے، کشمیر ویلی ریسٹورنٹ، ٹرانٹو شہر میں پاکستانی کھانوں اور مہمان نوازی کی ایک بہترین مثال پیش کر رہا ہے،



الیفزوالیشن سٹور واقع ۹/۸ پیپ ایونیو کا اندرونی منظر —

اس ملک میں مقیم پاکستانی بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں کہ ہر شعبہ میں ہمارے لوگ ترقی کر رہے ہیں،

الیفزوالیشن سٹور ہر لحاظ سے ایک مکمل سٹور بن چکا ہے۔ پاکستان اور دیگر ممالک سے ہر طرح کے مصالحہ جات سبزیاں اور دیگر ضروریات زندگی درآمد کی جاتی ہیں، پاکستانی اخبار اور رسائل بھی فراہم کیے جاتے ہیں۔

ویک اینڈ پہ تو سٹور مینا بازار کا منظر پیش کرتا ہے، حاضرین خریداری بھی کرتے ہیں اور خبروں کا تبادلہ بھی — اب تو ٹرانٹو اور اس کے گرد و نواح کے علاوہ باہر سے آنے والے حضرات بھی یہاں خریداری کو اپنے پروگرام کا ایک حصہ سمجھتے ہیں —



رضا الحق کو کو ممبر مجلس شوریٰ جامع مسجد گوشت کے حلال ہونے کی تصدیق کر رہے ہیں —

عید کی نماز کا وقت معلوم کرنا ہو یا نئی پاکستانی فلم کی نمائش کے اوقات ۔۔۔۔۔! الیفزوالیشن کا بذر معلومات عامہ کا کام دیتا ہے،

"صدائے پاکستان" کے اجراء کا مسئلہ ہو اور معاملہ سرمایہ کی فراہمی پر رک جائے تو پھر وہی پاکستان اور اس کے نقطۂ نظر کی علم برداری کے لیے آگے بڑھیں گے،

مشاعرہ ہو یا شام غزل، بزم اقبال کی محفل ہو یا عید ملن پارٹی الیفزوالیشن ہمہ وقت خدمت کے لیے حاضر ہے،

"صدائے پاکستان" کے دوش پر گوش گزار کی جانے والی کمنٹ کے مطابق یہ "ٹرانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دوکان" ہے

اور پھر بھائی بڑا لذیذ کھانا تھا، دالیں اور مسالہ جات کہاں سے لائے؟ بھئی ہمیں پتہ نہیں الیفزوالیشن سے ہر چیز مل جاتی ہے "

ٹن بستان ۔۔۔۔۔۔۔ اب تو ہم سب کو پتہ چل گیا!

ایوب قریشی اپنے کرم فرماؤں کی خدمت میں مصروف ہیں،



۲۵ جنوری ۱۹۸۲ء کی صبح ایک وفد نے ٹرانٹو کے مذبح خانہ کا معائنہ کیا

اس کا بنیادی مقصد حلال گوشت اور اس کی فراہمی کے انتظامات کا مشاہدہ کرنا تھا۔

وفد کے ممبران نے انتظامات کو تسلی بخش پایا —

ممبران میں ہر شعبہ زندگی کے لوگ شامل تھے۔

....

.....

.....

کاکس بازار میں فوج اور حریت پسندوں کے درمیان خونریز لڑائی

اسٹین گنوں اور دستی بموں سے مسلح ۵۰ حریت پسندوں نے بنگلہ دیشی فوج پر حملہ کر دیا۔ محب وطن پاکستانی مجاہدین فوج پولیس اور سیکورٹی کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔

بنگلہ دیش میں کٹھ پتلی حکومت کے خلاف جدوجہد تیز ہو گئی

سلح فوج پر حریت پسندوں کے حملے سے حکومت میں کھلبلی مچ گئی

تھر پارکر کے اٹھ افراد کو واپسی کی اجازت

ڈاکٹر مالک کی کابینہ کے ایک اور وزیر کو سزائے عمر قید سنا دی گئی

یحییٰ خاں پر مقدمہ چلانے کی تحریک التواء ڈپٹی اسپیکر نے بے ضابطہ قرار دے دی

فیصلے کے خلاف حزب اختلاف اور آزاد ارکان کا واک آؤٹ ۔ ہزاروں بیٹھے رہے

روزنامہ مشرق پشاور کے دفتر پر حملہ ہر چیز تباہ و برباد کر دی گئی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر اور عملہ کے دیگر ارکان کو بری طرح پیٹا گیا

حملہ پختون زلمے اور پختون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے ارکان نے کیا

پاکستان کو توڑنے میں حکمران جماعت کا ہاتھ ہے: اصغر خاں

جنگی قیدیوں کی واپسی تک اندرا گاندھی کو پاکستان نہیں آنے دیا جائیگا

بنگالی بھائیوں سے تعلقات قائم کرنے کے لیے پاکستان میں انتخابات کرائے جائیں

ملک سے غداری کے الزام میں سینکڑوں سول و فوجی بنگالی افسروں پر مقدمے چلائے جائیں گے

میاں ممتاز دولتانہ پاکستان آرہے ہیں

بقیہ قومی اسمبلی

پاکستان نے فرانس سے سا ٹھ میراج طیارے خریدے

مسودہ دستور

دستور کی منظوری کے تین ماہ کے اندر انتخابات کرائے جائیں

غیر جانبدارانہ انتخابات کے لیے نگران حکومت قائم کیجائے — پروفیسر غفور احمد

ارکان کی اکثریت کو اسمبلی توڑنے کا حق دیا جائے — شوکت حیات

[illegible]

بنیادی حقوق

[illegible]

عدم اعتماد کی تحریک

[illegible]

ہنگامی حالات

[illegible]

ہر شخص کے پاس بندوق ہے

[illegible]

صدر بھٹو کو یقین ہے کہ پاکستان میں اندرا کا شاندار خیر مقدم ہوگا

وہ بنگلہ دیش تسلیم کرنے اور بھارتی وزیر اعظم کے دورہ پاکستان کے لیے کوشاں ہیں

بشرطیکہ پاکستان قیدیوں کو رہا کرنے کی شرط ماننے پر آمادہ ہو جائیں۔ دہلی پہنچ کر بیلو مودی کا بیان

[illegible]

حزب اختلاف سے آئین کی تدوین میں حصہ لینے کی اپیل

[illegible]

پی آئی اے نے ایک کروڑ ۳۶ لاکھ روپے کا نقصان پورا کر لیا

حصص کی قیمتیں ۲۵ فیصد بڑھ گئیں۔ سالانہ عام اجلاس میں رفیق سہگل کا انکشاف

[illegible]

افغانستان نے بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیا

پشاور ۱۱ جنوری (ر) افغانستان نے بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیا ہے کابل سے پشاور پہنچنے والی خبروں کے مطابق افغان وزیر اعظم مسٹر موسیٰ شفیق نے اپنی حکومت کے اس فیصلے کے متعلق [illegible] کے بعد سے افغان حکومت کے فیصلے کی تصدیق کی ہے۔

جنرل ٹکا خاں کی قیادت میں فوجی وفد پیکنگ روانہ ہوگیا

کراچی ۱۱ جنوری (پ پ ا) پاکستان کے خیر سگالی کے فوجی وفد بیرونی دوست ملکوں کے دورے [illegible] جنرل ٹکا خاں کی قیادت میں یہ خیر سگالی فوجی وفد [illegible] کراچی سے بذریعہ طیارہ پیکنگ روانہ ہوگیا۔ [illegible]

صدر بھٹو فروری میں امریکہ جائیں گے؟

[illegible]

اعلانات

ٹورانٹو کی جامع مسجد چار سال تک بحیثیت مسجد قائم رہی۔ اب یہ مسجد مجلس شوریٰ کی جان توڑ کوششوں کے باوجود نیلام ہو رہی ہے۔ مسلمانوں کی غیرت کا تقاضا ہے کہ اس مسجد کو غیروں کے ہاتھوں میں فروخت ہونے سے بچائیں اور اپنے ہاتھوں سے زیادہ سے زیادہ مال دے کر آخرت کا ذخیرہ جمع کریں۔ اپنے عطیات مندرجہ پتہ پر بھجوائیں۔

JAMI MOSQUE CONGREGATION
P.O. BOX. 431, STATION D.
TORONTO.9.

---

۱۷ فروری ۷۳ء بروز ہفتہ ۵ بجے شام
PAKISTAN FOUNDATION OF CANADA
کا ڈنر ۱.S.۷ - ۳۳ سینٹ جارج اسٹریٹ پر ہو رہا ہے، اس کی آمدنی پاکستانی مستحق طلباء کو وظائف دینے پر خرچ ہوگی۔

آغا شورش کاشمیری رہا کر دیے گئے

آغا صاحب کی رہائی اپوزیشن اور حکومت میں مفاہمت کی طرف خوش آئند قدم ہے: سیاسی حلقوں کی طرف سے خیر مقدم

لاہور ۱۰ جنوری (اپنے نامہ نگار سے) ادیر چٹان آغا شورش کاشمیری آج سہ پہر رہا کر دیے گئے۔ ہسپتال میں ان کی نگرانی کے لیے جو پولیس گارڈ متعین کی گئی تھی اسے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی ہدایت پر ۲ بجکر ۵ منٹ پر ہٹا لیا گیا۔ نتیجاً یہ ہے کہ آغا صاحب نے اپنی نظر بندی کی پیشی بار تو میں پر احتجاجاً بھوک ہڑتال کر دی تھی اور کل شام حکومت کی یقین دہانی پر آغا صاحب نے ۲۶ دن کی بھوک ہڑتال ختم کر دی تھی۔ آغا صاحب کی صحت گر گئی ہے اور وہ بہت کمزور ہو گئے ہیں۔ ڈاکٹروں نے انہیں کم از کم ایک ماہ تک ہسپتال میں زیر علاج رہنے کا مشورہ دیا ہے۔ آغا صاحب کی رہائی کی خبر جنگل میں آگ کی طرح سارے شہر میں پھیل گئی اور انہیں مبارکباد دینے والوں کا میو ہسپتال میں تانتا بندھ گیا۔

اہم قومی و ملکی امور پر جلسوں میں ہاتھ کھڑے کرانا خطرناک سیاسی فلسفہ ہے

صدر بھٹو بنگلہ دیش کے مسئلہ کو بحث کیلئے قومی اسمبلی میں کیوں نہیں پیش کرتے؟ اے کے بروہی

کراچی ۹ جنوری (اپ پ) ممتاز قانون دان مسٹر اے کے بروہی نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ صدر بھٹو کو چاہیے کہ وہ ملک کے ذمہ دار رہنماؤں کے ساتھ خفیہ بات چیت کے بعد بنگلہ دیش کے بارے میں خود فیصلہ کریں۔ انہوں نے ایک طویل بیان میں کہا کہ تاریخ کسی بھی رہنما کو معاف نہیں کرے گی جو عوام کی مرضی کے خلاف کوئی فیصلہ کرے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جمہوری نظام میں ذمہ دار قیادت ہی صورت میں نظام حکومت چلا سکتی ہے بشرطیکہ وہ عوام کو جو وہ چاہتے ہیں وہ دینے کی بجائے ان کی ضرورتوں کو پورا کرے۔ انہوں نے جلسوں میں عوام کے ہاتھ کھڑے کرا کر حکومت کی پالیسیوں کی منظوری لینے کے رجحان پر سخت نکتہ چینی کی اور کہا کہ یہ خطرناک سیاسی فلسفہ ہے۔ جمہوریت کا مطلب عوام کے منتخب نمائندوں کی حکمرانی ہے ان افراد کی حکمرانی نہیں جو مصنوعی طریقوں سے جلسوں میں لائے جاتے ہیں۔

انہوں نے سوال کیا کہ حکومت اس اہم مسئلہ پر پارلیمنٹ میں بحث و مباحثہ سے کیوں احتراز کر رہی ہے اور عوامی جلسوں کے غیر معمولی ذریعوں سے کیوں ایسے اہم مسئلہ پر عوام کی رائے معلوم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے؟ انہوں نے بحران کو ختم کرنے کے طریق کار کی مذمت کی اور کہا کہ ان طریقوں سے جمہوریت کے نام پر ملک میں انتشار پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مسٹر بروہی نے بیان کے آخر میں کہا ہے کہ یہ حکومت کا فرض ہے کہ وہ ہر دور میں صحیح فیصلہ کرے۔ اور ان فیصلوں کی ہر ذمہ داری خود قبول کرے جو اس کے نزدیک ملک کے بہترین مفاد میں کئے جانے انتہائی ضروری ہوں اور جو صرف عوام کی خواہشات کے عین مطابق ہی نہیں بلکہ وہ پچھلی نسلوں کی جدوجہد کے آئینہ دار اور آنے والی نسلوں کے لئے قابل قبول ہوں اگر صدر بھٹو یہ خیال کرتے ہیں کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کا فیصلہ حالات کے تقاضوں کے عین مطابق اور ملکی مفاد میں ہے تو ان میں اتنی اخلاقی جرأت ہونی چاہیئے کہ وہ اپنے فیصلے پر عمل کا اعلان کریں اور اس کے نتائج کی ذمہ داری خود قبول کریں۔

بھارتی فوج کے نئے سربراہ

نئی دہلی ۹ جنوری (اپ پ) حکومت بھارت نے مسٹر ہلک شاہ کی جگہ لیفٹیننٹ جنرل گوپال گوروداس بیوور کو بری فوج کا نیا چیف آف سٹاف نامزد کیا ہے۔ مانک شاہ کو بعد میں بھارت کا پہلا فیلڈ مارشل بنا دیا گیا تھا۔

ضرورت ہے ایک صدر کی

کراچی ۱۰ جنوری (ن ک) مولانا شاہ احمد نورانی نے کہا ہے کہ نئے دستور کے مسودہ میں صدر مملکت کے لئے جو اختیارات رکھے گئے ہیں ان کو دیکھتے ہوئے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ اخبارات میں ایک اشتہار دینا چاہیئے کہ ضرورت ہے ایک صدر کی جو سلامی لینے کی اہلیت رکھتا ہو کیونکہ صدر کے لئے صرف دو ہی کام رکھے گئے ہیں کہ وہ توپوں کی سلامی لے اور اسناد سفارت قبول کرے اس کے علاوہ سارے اختیارات وزیر اعظم کو دے دیئے گئے ہیں۔ حالانکہ آئینی سمجھوتے میں یہ طے کیا گیا تھا کہ ملک کا آئندہ دستور وفاقی پارلیمانی ہوگا اور دنیا کے کسی وفاقی پارلیمانی نظام میں صدر کو اتنا بے اختیار نہیں کیا گیا ہے۔ اسی لئے کسی نے یہ تجویز بھی پیش کی تھی کہ صدر صاحب کو اتنے اختیارات تو دے دو جتنے برطانیہ کی ملکہ معظمہ کو حاصل ہیں۔

سمگلنگ کی سزا موت ہونی چاہیئے: اصغر

کراچی ۱۰ جنوری (اپ پ) آج یہاں جلسہ عام میں صدر بھٹو نے تسلیم کیا کہ اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ ہو گیا ہے تاہم انہوں نے کہا یہ اضافہ جنگ، سمگلنگ اور بدعنوانی کے نتیجہ میں ہوا ہے۔ صدر نے کہا ان کا ارادہ ہے کہ سمگلنگ کے جرم کی سزا موت رکھی جائے مگر اس ضمن میں انہوں نے شکایت کی کہ جب بھی مجرموں کے خلاف کارروائی کی گئی بعض سیاسی رہنماؤں نے جمہوریت کے نام پر شور مچانا شروع کر دیا۔

پندرہ روز کے اندر جواب دیں


محمود علی قصوری کو جے اے رحیم کی طرف سے اظہار وجوہ کا نوٹس

اسلام آباد ۱۰ جنوری (اپ پ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل مسٹر جے اے رحیم نے پارٹی کے نائب صدر میاں محمود علی قصوری کو اظہار وجوہ کا ایک نوٹس جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ پارٹی کی ممبر کی حیثیت سے انہوں نے پارٹی کے بنیادی مفاد کے منافی اقدامات کیے ہیں کیوں نہ ان کے خلاف ضابطہ کی کارروائی کی جائے۔ میاں محمود علی قصوری پر پارٹی کارکنوں سے نامناسب سلوک کرنے، پارٹی کی ساکھ اور مفاد کو نقصان پہنچانے اور پارٹی پر عام بیانات میں نکتہ چینی کرنے کے علاوہ مرکزی کمیٹی کے فیصلوں سے انحراف کرنے اور آئینی سمجھوتہ کی مخالفت کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ میاں محمود علی قصوری کو اس بات کی وضاحت کرنے کے لئے پندرہ روز کی مہلت دی گئی ہے کہ انہیں مرکزی کمیٹی کی نائب صدارت اور رکنیت سے کیوں نہ علیحدہ کر دیا جائے۔

مشرق پر حملے کے خلاف صحافیوں کا احتجاجی جلوس

گورنر کی طرف سے نقصان کا معاوضہ دلانے کا وعدہ

پشاور ۱۰ جنوری (اپ پ) آج صحافیوں نے مشرق کے دفتر پر حملے کے خلاف احتجاج کے طور پر جلوس نکالا جس کی قیادت صحافیوں کی وفاقی یونین کے صدر نے کی۔ جلوس نے گورنر ہاؤس کے سامنے پہنچ کر اپنے غم و غصہ کا اظہار کیا۔ صحافیوں کے ایک وفد نے گورنر ارباب سکندر خان خلیل سے ملاقات کی۔ گورنر نے صحافیوں کو یقین دلایا کہ سارے واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائے گی۔ انہوں نے یہ بھی یقین دلایا کہ نہ صرف املاک کے نقصان کا معاوضہ دیا جائے گا بلکہ صحافیوں کے جان و مال کی حفاظت بھی کی جائے گی۔



"تفہیم القرآن" نے میری زندگی کو بدل کر رکھ دیا ہے

نوجوان نسل کو قرآنی تعلیمات سے آگاہ کرنے کیلئے تفہیم کا انگریزی میں ترجمہ کرونگا۔ الطاف گوہر

کراچی ۱۰ جنوری (اپ پ) سابق سیکرٹری اطلاعات مسٹر الطاف گوہر نے کہا ہے کہ وہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی مشہور تفسیر تفہیم القرآن کا سادہ اور آسان انگریزی میں ترجمہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ نوجوان نسل قرآن کی تعلیمات کو آسانی سے سمجھ سکے اور اس پر عمل پیرا ہو سکے۔ وہ گزشتہ روز تفہیم القرآن کے انگریزی زبان میں ترجمے کی ایک تقریب میں تقریر کر رہے تھے۔ اس تقریب سے مسٹر حسن علی صدیقی اور مسٹر صلاح الدین نے بھی خطاب کیا۔ مسٹر گوہر نے بتایا کہ میں نے قرآن کی متعدد تفسیریں پڑھی تھیں لیکن تفہیم القرآن کو پانچ جلدوں کے مطالعہ نے میری زندگی کو بدل دیا ہے۔ انہوں نے کہا مولانا مودودی نے اس تفسیر میں روزمرہ استعمال کی زبان اور آسان الفاظ استعمال کئے ہیں جس سے ہر شخص کی سمجھ میں آسانی سے آ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے تفہیم القرآن کے پہلے حصے کے انگریزی زبان میں ترجمے کی ایک سکیم تیار کی جس کی منظوری مولانا مودودی نے دیدی ہے اور میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ کام بڑا دقت طلب ہے اور امید ہے کہ ابتدائی حصے نوجوانوں کے لئے ایک کتابچہ کی صورت میں تفہیم القرآن کے خلاصہ کی حیثیت رکھے گا۔

گورنر پنجاب نے ملتان میں یونیورسٹی قائم کرنے کی منظوری دیدی

یونیورسٹی سال کے آخر تک قائم ہو جائیگی

ملتان ۱۰ جنوری (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر قانون ملک مختار احمد اعوان نے بتایا ہے کہ صوبائی گورنر نے ملتان میں یونیورسٹی کے قیام کی منظوری دے دی ہے آپ نے بتایا کہ یونیورسٹی کے قیام کے انتظامات شروع کر دیئے گئے ہیں اور اس سال کے آخر تک یونیورسٹی قائم کر دی جائے گی۔

پاکستان نے گزشتہ سال ۵۹ کروڑ ڈالر کا مال برآمد کیا

جبری ریٹائرڈ ملازمین کی اپیلوں پر غور کیا جا رہا ہے: قومی اسمبلی کا وقفہ سوالات

اسلام آباد ۱۰ جنوری (اپ پ) صدارتی امور اور تجارت کے وزیر مسٹر جے اے رحیم نے آج قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران بتایا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران پاکستانی مال کی برآمد کے لئے بہت سی نئی منڈیاں تلاش کر لی گئی ہیں۔ پاکستانی چاول اب انڈونیشیا اور سیلون اور قبرص کو مل رہا ہے اور چیکوسلواکیہ کو بھیجا جا رہا ہے۔ جبکہ کپاس سوویت روس اور کپڑا انڈونیشیا تھائی لینڈ اور کوریا خرید رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہم و بیش ۹۰ ممالک پاکستانی مال خرید رہے ہیں۔ ان میں جاپان۔ ہانگ کانگ۔ برطانیہ۔ امریکہ۔ روس۔ چین۔ اٹلی۔ ہالینڈ۔ مغربی جرمنی۔ کویت۔ سعودی عرب۔ سیلون۔ عراق اور فرانس شامل ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ ۷۲-۱۹۷۱ میں پاکستان نے مجموعی طور پر ۵۹ کروڑ ڈالر کی مالیت کا سامان دوسرے ملکوں کے ہاتھ فروخت کیا۔ مسٹر خورشید حسن میر نے بتایا کہ ۱۹۴۸ میں مرکزی کابینہ کے ارکان پر مشتمل تھی جن کی مجموعی تنخواہ پندرہ ہزار روپیہ ماہانہ تھی۔ جبکہ آج کل مغربی پاکستان میں بارہ مرکزی وزیر ہیں جن کی ماہانہ تنخواہ ۳۳ ہزار ۲۹۲ روپے بنتی ہے۔

پاسپورٹ فیس میں دوگنا اضافہ

اسلام آباد ۱۰ جنوری (اپ پ) ایک سرکاری اعلان کے مطابق حکومت نے ۱۶ جنوری سے پاسپورٹ فیس میں اضافہ کر دیا ہے۔ عام پاسپورٹ کی فیس ۶۰ روپے کی بجائے ۱۰۰ روپے ہوگی اور فرسٹ پاسپورٹ کی صورت میں ایک سو پچاس روپے ہوگی۔ اسی طرح پاسپورٹ میں اندراجات اور دوسری تبدیلی کی فیسوں میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔

پاکستان نے اولمپک کے واقعہ پر معافی مانگ لی

راولپنڈی ۱۰ جنوری (ن پ پ) ہاکی اولمپک ایسوسی ایشن پاکستان نے بین الاقوامی اولمپک ایسوسی ایشن سے اس واقعہ کی معافی مانگی ہے جو گزشتہ اولمپکس کے دوران میونخ میں پیش آیا تھا جس میں پاکستانی ہاکی ٹیم نے غیر ذمہ دارانہ رویہ کا مظاہرہ کیا تھا۔ پاکستان نیشنل اولمپکس کمیٹی کے صدر ملک معراج خالد نے بین الاقوامی کمیٹی کے نام ایک خط میں بتایا ہے کہ ہم ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کریں گے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کو دوبارہ بین الاقوامی ہاکی میں شرکت کی اجازت دی جائے جس کے لیے عارضی طور پر پاکستانی ٹیم پر پابندی لگا دی گئی ہے۔

جاوید ہاشمی اور آٹھ دیگر طالب علم رہنماؤں کو رہا کر دیا گیا

نظر بندوں کی رہائی طلباء کی برادری سے جذبہ خیر سگالی کے طور پر عمل میں لائی گئی ہے: گورنر پنجاب

اپوزیشن کے پاس قومی اسمبلی کے اجلاس کا بائیکاٹ کرنے کی کوئی وجہ نہیں

لاہور ۱۰ جنوری (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب ملک غلام مصطفیٰ کھر نے آج صبح لاہور کے نو طالب علم رہنماؤں کی فوری رہائی کا حکم دیا۔ انہیں تمام تک گورنر کی خصوصی ہدایت پر رہا بھی کر دیا گیا۔ ان طالب علموں کو دسمبر ۱۹۷۲ء کے طلبہ کے مظاہروں اور کنونشن کے دوران تحفظ امن عامہ کے تحت گرفتار کیا گیا تھا۔ رہا ہونے والے طالب علموں میں پنجاب یونیورسٹی سٹوڈنٹس یونین کے صدر اور پنجاب سٹوڈنٹس کونسل کے چیئرمین جاوید ہاشمی، الطاف پرویز، بلال محبوب، اشتیاق فیروز، اعجاز احمد، صلاح الدین، ضیاء اللہ خان، حبیب افضل اور خالد محمود شامل ہیں۔ گورنر نے ان طالب علموں کی رہائی کا اعلان کیا جب وہ ماڈل ٹاؤن میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں سے خطاب کر رہے تھے۔

ہیلیکنگ کے لیے پی آئی اے کی نئی سروس

عملہ میں چینی نیوی گیٹر بھی شامل ہوں گے

کراچی ۱۰ جنوری (اپ پ) پی آئی اے کراچی اسلام آباد ہیلیکنگ روٹ پر پی آئی اے ۱۰ جنوری سے جو نئی سروس شروع کر رہی ہے اس میں پی آئی اے کے طیاروں میں پاکستانی عملے کے ہمراہ چینی نیوی گیٹر بھی شامل ہوں گے جو چین کے علاقے میں پرواز کے دوران پی آئی اے کے طیاروں کی راہنمائی کریں گے اس کے علاوہ چینی پی آئی اے کے طیاروں کو ریڈیو اور راڈار کی تمام سہولتیں بھی مہیا کرے گا تاکہ قراقرم کے خطرناک راستے پر پی آئی اے کے طیاروں کو مکمل تحفظ حاصل ہو۔

پیپلز پارٹی عوام کے فیصلہ کے مطابق آئین بنانے کا اختیار رکھتی ہے: شیخ رشید

اپوزیشن لیڈروں کے پاس آئینی سمجھوتہ سے انحراف کا کوئی جواز نہیں

لاہور ۱۰ جنوری (اپ پ) مرکزی وزیر صحت اور قومی اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی گروپ کے ڈپٹی لیڈر شیخ محمد رشید نے اس اعلان کا خیر مقدم کیا ہے کہ اپوزیشن نے اسمبلی کا بائیکاٹ ترک کر دیا ہے۔ پیپلز پارٹی گورنمنٹ از خود وفاقی آئین بنانے کا بل پیش کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آئین بنانے کے لیے عوام کی رضامندی حاصل ہے۔ وہ چند روز کے لئے اسلام آباد سے لاہور آئے ہوئے ہیں۔ لاہور ائیرپورٹ پر اخباری نمائندوں کے سوالات کے جواب دے رہے تھے۔ خان عبدالولی خان کے اس بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت کا منظور کردہ آئین صوبہ سرحد اور بلوچستان میں قابل قبول نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوام کے فیصلے سے برسر اقتدار آئی ہے اسے عوام کے فیصلے کے مطابق کام کرنے کا حق ہے اور وہ آئین بنانے کا اختیار رکھتی ہے اپوزیشن لیڈروں کے ساتھ صدر نے لمبا چوڑا صلاح مشورہ کر کے ایک آئینی فارمولا طے کیا تھا۔ وہ ایوان میں ہر طرح کی بحث و تمحیص کر سکتے ہیں ان کے لئے اب فارمولا سے منحرف ہونے کا کوئی جواز ان کے پاس نہیں ہے۔ جہاں تک نیشنل عوامی پارٹی کا تعلق ہے آئینی فارمولے میں گورنر بلوچستان اور گورنر سرحد دونوں شامل تھے اور سردار شوکت حیات نے بھی اعتراف کیا تھا کہ خان ولی خان کے ساتھ بیٹھ کر انہوں نے مشورہ کیا تھا اب وہ فارمولے سے کیسے منحرف ہو رہے ہیں؟ سردار شوکت حیات خان سے ملاقات کے مسئلے کے سلسلے میں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سردار شوکت حیات چوہدری کا ذکر کر رہے ہیں حالانکہ میں قومی کے ہنگامے کے دوسرے دن کے متعلق کہہ رہا ہوں۔ انہوں نے سردار شوکت حیات اور ڈاکٹر شیخ دونوں پر غلط بیانی کا الزام عائد کیا۔

ملتان اور بہاولپور کے لئے الگ پاسپورٹ آفس

لاہور ۱۰ جنوری (اپ پ) مرکزی وزیر داخلہ خان عبدالقیوم خان نے بتایا ہے کہ ۱۶ جنوری سے ملتان میں ایک پاسپورٹ آفس کام شروع کر دے گا۔ یہ پنجاب میں پاسپورٹ کا دوسرا دفتر ہوگا۔ اور اس کے کھل جانے سے لاہور کے دفتر کا کام کم ہو جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ بہاولپور اور بہاولنگر کے لوگوں کی درخواستوں پر غور کیا جائے گا۔ پاسپورٹ کے حصول کے طریق کار کو آسان بنانے کے بارے میں انہوں نے بتایا کہ حکومت نے بدعنوان افسروں کے خلاف شدید کارروائی کی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ راشی افسروں کی قطعاً حوصلہ افزائی نہ کریں۔ وزیر داخلہ نے یہ انکشاف بھی کیا کہ دس سے بارہ بڑے افسروں کا معاملہ شہری پولیس کے حوالے کر دیا ہے۔ پاسپورٹ افسروں اور ان کے ایجنٹوں کے خلاف فوجداری مقدمات چلائے جائیں گے۔

[illegible]

بشکریہ اخبارِ جہاں کراچی

لمعات

نہ بہار کی تمنا نہ خزاں کی کوئی الجھن
مرا دل بنا ہوا ہے تری چاہتوں کا گلشن
تو ہے پیکرِ بہاراں، مری حالت پریشاں
تری ہر نظر تبسم، مرا تار تار دامن
مجھے جذبۂ جنوں کی تمہیں داد دینا ہوگی
مرے اشک ہیں چراغاں، مرا داغ داغ روشن
مجھے راستہ دکھا کر مجھے چھوڑ جانے والے
تجھے یاد کر رہا ہے ترے پیار کا نشیمن
غمِ یار ترا احساں، تری یاد کے بہانے
مرے دل میں بس گیا ہے مرا دلنواز ساجن

جمیل [illegible]

مشکل ہو راہ میں تو کوئی ہمسفر نہیں
ناصح بہت ملیں گے اگر چارہ گر نہیں
ناہید دل و نظر میں ترے اختلاف ہے
تیری دعا میں اس لئے شاید اثر نہیں
تیرے مرض کا ہے تو فقط عشق ہے علاج
ورنہ خرد تو دیکھ لیا کارگر نہیں
زاہد کو کیا پتہ بھلا کیا ہے مقامِ شوق
اس کو تو خود ابھی تک اپنی خبر نہیں
ہوتی ہے مرگِ ماہ و انجم سے نمودِ صبح
جب تک دخلِ خوں ہو ہوتی سحر نہیں

——— کیپٹن محمد رشید ارشد

اجتماعی یا انفرادی طور پر کسی کو خطروں کے مقابلے میں ہچکچاہٹ کا ہرگز مظاہرہ نہیں کرنا چاہئے کیونکہ خطرے اسی لئے پیدا ہوتے ہیں کہ آپ آگے نہ بڑھ سکیں۔
(ونسٹن چرچل)

[illegible]

[illegible] Respond [illegible] Respond [illegible]

محمود شام

صدرِ پاکستان جناب ذوالفقار علی بھٹو کا خصوصی انٹرویو

بھارتی جارحیت کے مقابلے کیلئے ہماری تیاریاں مکمل اور قدرتی ہیں

صدرِ مملکت سے آٹھ سوالات

۶ دسمبر ۱۹۷۲ء

۱۔ آپ کا کیا خیال ہے کہ ملک بنیادی خطرات سے آزاد ہو گیا ہے کہ نہیں۔

۲۔ بھارتی جارحیت کے خطرات کے پیشِ نظر کیا ہم دفاعی طور پر تیار ہیں۔

۳۔ کیا پاکستان کے عوام کی خوشحالی کے لئے بہتر نہیں ہے کہ بھارت سے تعلقات بہتر اور یقینی ہوں۔

۴۔ گزشتہ ایک برس میں آپ نے جو کامیابیاں حاصل کی ہیں وہ تو سب کو معلوم ہے، آپ کن امور کے حصول میں ناکام رہے ہیں۔

۱۴ دسمبر ۱۹۷۲ء

۵۔ کیا بہتر نہیں ہو گا کہ دستوری معاہدے کی طرح بنگلہ دیش کے مسئلے پر بھی تمام پارلیمانی گروپ کے سربراہوں کی کانفرنس میں کوئی متفقہ فیصلہ کر لیا جائے؟ اور عوام کو آپس میں تصادم کو روکا جائے۔

۶۔ مسئلہ کشمیر کو زندہ رکھنے اور سفارتی سطح پر سرگرمی کے لئے کیا بہتر نہیں ہے کہ آزاد کشمیر کی حکومت کو ایک خود مختار حکومت کے طور پر تسلیم کروانے کی مہم شروع کی جائے۔

۷۔ موجودہ پاکستان میں جو مختلف زبانیں بولنے والے اور باہر سے ہندوستان سے ہجرت کر کے آنے والے رہ گئے ہیں ان کو ثقافتی، لسانی، عمرانی طور پر ایک وحدت بنے رہنے کیلئے آپ کی حکومت نے کیا کیا ہے۔

۸۔ سیاست میں خوف اور بے یقینی کی حالت کے امکانات —— آپ کے نزدیک کس حد تک ختم ہو گئے ہیں۔

ہمارا قصور ہے کہ ہم شاید عوام کو **Motivate** نہیں کر سکے (دونوں میں دلولہ پیدا نہیں کیا)۔ لیکن میرے خیال میں ہم نے **Motivate** کر دیا ہے۔ لیکن لوگوں کے جو ولولے ہیں ...

... پاس کر جناب جلدی کہاں تو بھول جاؤ یہ چیز۔ اب ہم نہیں حفاظت کر سکیں گے۔ اگر ہندوستان نے کل حملہ کر دیا تو ہم یہ نہیں کر سکیں گے، وہ نہیں کر سکیں گے۔ جیسے کوئی قیامت کا دن آ گیا تھا بالکل یہ —— اور بڑے ذمہ دار آدمی ——

س: آپ کا کیا خیال ہے کہ ملک بنیادی خطرات سے آزاد ہو گیا ہے کہ نہیں؟

ج: آزاد کس حد تک ہوا ہے اس کا جواب آپ بہتر دے سکتے ہیں کہ آپ کا رابطہ ملک کے ساتھ رہا ہے ... لیکن جہاں تک میں نے جائزہ لیا ہے موجودہ حالات کا، میرا خیال ہے بہت حد تک جو شدید بحرانی دور تھا ہم اس سے نکل گئے ہیں ... اور قوم کی جڑیں اور زیادہ مضبوط ہو گئی ہیں۔

س: بھارتی جارحیت کے خطرات کے پیشِ نظر کیا ہم دفاعی طور پر تیار ہیں؟

ج: تیار ہیں۔ تیاریاں ہیں لیکن اور بھی تیاریاں کرنی پڑیں گی بھارتی جارحیت کے خلاف ...



Wareconomy · **National Feeling** · **Contribution** · **Depressed** · **Outlook** · **Response** · **Cynicism** · **Interpretation** · **Dominant Power** · **Hegemony** · **Compromise** · **Adjustments**

ہماری ناکامیاں

•۔ مخالف جماعتوں کا مکمل تعاون نہ ملنے کی وجہ سے ہم سیاسی استحکام حاصل نہیں کر سکے۔

•۔ اپر مڈل کلاس کے مایوس نقطۂ نظر نے سب سے زیادہ مایوسی پھیلائی۔

•۔ جو کچھ ہم کرنا چاہتے تھے، نہیں کر سکے، کیونکہ ہم دفاع پر ایوب خان اور یحییٰ خان سے زیادہ اخراجات کر رہے ہیں۔

•۔ کچھ عناصر ایسے ہیں کہ اگر وہ بھی ہم سے تعاون کرتے تو ہماری گاڑی اور زیادہ تیز جا سکتی تھی۔

•۔ ہم لوگوں کو یہ سمجھانے میں ناکام رہے کہ کیا ہے جمہوریت اور کیوں کہ حالات مشکل ہیں اور جنگی معیشت کے نتائج مہنگائی کی صورت میں رونما ہوتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صدائے پاکستان ٹرانٹو کینیڈا

۳۱ر جنوری سنہ ۱۹۷۳ء

یادکرو میری وہ نعمت جس سے میں نے تمہیں نوازا تھا اور یہ کہ میں نے تمہیں دنیا کی تمام قوموں پر فضیلت دی تھی اور ڈرو اس دن سے جب کوئی کسی کے ذرا کام نہ آئے گا، نہ کسی سے فدیہ قبول کیا جائے گا، نہ کوئی سفارش ہی آدمی کو فائدہ دیگی اور نہ مجرموں کو کہیں سے کوئی مدد پہنچ سکے گی۔ (البقرہ: ۱۲۳)

یحییٰ کے خلاف مقدمہ

سابق صدر یحییٰ خان کو گزشتہ سال اقتدار سے دستبرداری کے ساتھ ہی نظر بند کر دیا گیا تھا اس نظر بندی کا یہ مقصد سابق صدر کو عام لوگوں کے غیظ و غضب سے بچانا تھا۔ اس وقت ہر طرف سے ان کے خلاف مقدمہ چلانے کا مطالبہ کیا جا رہا تھا۔ لوگوں کے اس مسلسل مطالبہ پر صدر بھٹو کو یہ یقین دلانا پڑا تھا کہ یحییٰ خان اور ان کے حواریوں پر مقدمہ چلایا جائے گا۔

حمود الرحمان کمیشن کی رپورٹ میں صاف طور پر کہا گیا ہے کہ مشرقی پاکستان کے المیہ کی ذمہ داری سابق صدر یحییٰ خان پر عائد ہوتی ہے۔ کمیشن کی رپورٹ میں اور کس کس کو مورد الزام ٹھہرایا گیا ہے اس ضمن میں ہم کچھ عرض کرنے سے قاصر ہیں کیونکہ کمیشن کی رپورٹ ایک خفیہ دستاویز ہے اور ایک خاص کمیٹی اس امر کا جائزہ لے رہی ہے کہ اس رپورٹ کے کون کون سے حصے شائع کیے جا سکتے ہیں اور کون کون سے حصوں کی اشاعت ملک و ملت کے مفاد کے منافی ہے بہرکیف عوام کی طرف سے مسلسل یہ مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ جو لوگ سقوط اسلام کے سبب سے زیادہ اور ذلت آمیز اور رسوا کن شکست کے ذمہ دار ہیں انہیں جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچانے کا اہتمام کیا جائے۔

سابق صدر یحییٰ خان آجکل صوبہ سرحد کے ایک صحت افزا مقام میں نظر بند ہیں جہاں انہیں زندگی کی تمام سہولتیں اور آسائشیں حاصل ہیں اور ان کی غداری یا حماقتوں کا نشانہ بننے والے کروڑوں پاکستانی ایک اذیت میں مبتلا ہیں۔ نوّے ہزار کے لگ بھگ فوجی اور سویلین قیدی بھارت کے کیمپوں میں پڑے انسانیت سوز مظالم کا شکار ہو رہے ہیں ادھر یحییٰ خان کے حواریوں میں سے بعض جرنیل سفارتی عہدوں کا انعام حاصل کر چکے ہیں۔ یحییٰ خان سے جن لوگوں کو ملاقات کا موقع ملا ہے وہ بڑی عجیب و غریب باتیں۔ بلکہ بعض ناگفتنی باتیں۔ سابق صدر سے منسوب کرتے ہیں ان کی روایت ہے کہ سابق صدر یحییٰ خان یہ کہتا ہے کہ "میرے خلاف مقدمہ چلاؤ میں سب کو ننگا کروں گا میں نے خود کچھ نہیں کیا۔ میرا قصور اگر کوئی ہے تو یہ ہے کہ میں نے فلاں فلاں سیاسی مشیروں کے مشورے پر عمل کیا۔

یحییٰ خان اور اس کے حواریوں پر مقدمہ چلانے کے بارے میں قومی اسمبلی میں جو بحث ہوئی ہے اس سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ یہ مقدمہ نئے آئین کے نفاذ کے بعد — ۲۳ مارچ ۱۹۷۳ء کے بعد — چلایا جائے گا۔ گویا پاکستان میں اس وقت ایسا کوئی قانون نہیں جس کے تحت یحییٰ خان اور اس کے حواریوں پر مقدمہ چلایا جا سکے۔ ہمارے لیے یہ امر ناقابل یقین ہے کہ اس قسم کے مقدمہ کے لیے کوئی قانونی مجبوری حائل ہے۔ پاکستان کو سرزمین بے آئین تو کہا جا سکتا ہے یہ سرزمین بے قانون ہرگز نہیں۔ اور تعزیرات پاکستان میں ایسی دفعات یقیناً موجود ہیں جن کے تحت یحییٰ خان اور اس کے حواریوں پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے اس لیے یحییٰ خان اور اس کے حواریوں پر بلاتاخیر مقدمہ چلانا چاہیے اور انہیں مزید تین ماہ تک عیش کرنے کی مہلت نہیں دی جانی چاہیے۔ یہ مقدمہ کھلی عدالت میں ہونا چاہیے اور اس امر کا انحصار عدالت کی صوابدید پر ہونا چاہیے کہ مقدمہ کی کارروائی کے کونسے حصوں کی اشاعت قومی مفاد کے منافی ہے۔

میری رائے میں

عبدالکریم عابد

○ نوجوان انقلابی نہ ہو تو ذہنی مریض ہوتا ہے ○ اس نے جو خواب دیکھے تھے اس کی تعبیر الٹ نکلی

وُہ ایسی قیادت چاہتا ہے

جو جنگ کی اہل ہو یا باعزت امن دے سکے

جو غنڈوں سے ساز باز کر کے سارے ملک کو جیل خانہ نہ بنا دے

جو صحت مند معاشی تبدیلیوں کی راہ میں رکاوٹ نہ بنے

پاکستان کی سیاسی فضا طلبا اور نوجوانوں کے متانہ نعروں سے گونج رہی ہے، وہ ہر جگہ مجسم احتجاج بنے ہوئے ہیں اور اس احتجاج کی پاداش میں پولیس کی حوالاتوں میں اذیتیں جھیل رہے ہیں، بظاہر طلبہ کے اس غم و غصہ کی وجہ بنگلہ دیش کا مسئلہ ہے، لیکن یہ درحقیقت جناب بھٹو کی حکومت کے خلاف نئی نسل کے عدم اعتماد کا اظہار ہے۔ مسٹر بھٹو نئی نسل کا اعتماد کیوں نہیں حاصل کر سکے اور کس لیے نوجوان اور طالب علم ان کی حکومت کے مخالف ہو گئے ہیں، یہ وہ مسئلہ ہے جس کا سنجیدہ تجزیہ کرنے کی اہلیت جناب کھر اور جناب ممتاز بھٹو جیسے لوگوں میں نہیں، وہ تو بس ایک بات جانتے ہیں کہ طلبہ اور نوجوانوں کے خلاف اندھا دھند طاقت استعمال کی جائے اور وہ یہ طاقت بے رحمانہ طریقے پر استعمال کر رہے ہیں، لیکن اس سے نئی نسل کو وقتی طور پر دبا دیا گیا تو بھی اس سے طلبہ اور نوجوانوں کی بےچینی اور اضطراب کا خاتمہ نہیں ہوگا۔ بےچینی اب اپنے نقطہ عروج پر پہنچ رہی ہے اور اس طوفان کی راہ لاٹھیوں اور گولیوں سے روکنے والے ارباب اقتدار خس و خاشاک کی طرح بہہ جائیں گے۔ نوجوانوں اور طالب علموں کے لیے مسٹر بھٹو کی ذات سب سے پہلے اس اعتبار سے مایوس کن ثابت ہوئی کہ وہ قومی عزت اور وقار کو بحال نہیں کر سکے۔ جس کے طالب علم خواہش مند ہیں، انہوں نے امور خارجہ میں معاملات کو جس انداز سے حل کرنے کی کوشش کی اس سے پاکستان کی عزت میں اور بھی کمی واقع ہو گئی بےعزتی کا یہ احساس ہر طالب علم کو بےچین کیے ہوئے ہے اور نظریہ آتا ہے کہ بھارت اور بنگلہ دیش سے باوقار اور باعزت طریقے پر کوئی معاملہ کرنا مسٹر بھٹو کے بس کی بات نہیں، وہ نہ بھارت سے جنگ کر سکتے ہیں نہ امن حاصل کر سکتے ہیں اور قوم نہ جنگ نہ امن کی کیفیت میں مستقلاً مبتلا رہنے کے لیے تیار نہیں وہ کسی ایسی قیادت کی تلاش میں ہے جو واقعی جنگ کی اہلیت رکھتی ہو یا باعزت طریقے پر امن حاصل کر سکتی ہو۔ مسٹر بھٹو جنگ اور امن دونوں میں سے کوئی چیز بھی قوم کو نہیں دے سکتے۔ ان کی قیادت میں قوم جنگ اور امن کی حالتوں کے درمیان معلق رہ سکتی ہے، نوجوان یہ معلق حالت قبول کرنے کے لیے تیار نہیں وہ کوئی فیصلہ چاہتے ہیں اور مسٹر بھٹو کی سیاست میں کوئی فیصلہ نہیں باتیں ہی باتیں ہیں اور وہ بھی متضاد باتیں۔ بنگلہ دیش کے بارے میں بھی ان کا موقف تضادات کو لیے ہوئے ہے کبھی یہ نظر آتا ہے کہ وہ سمجھتے ہیں، اگر بنگلہ دیش کو جلد ہی تسلیم نہیں کیا گیا تو قومی مفادات کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا کبھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کی انہیں کوئی جلدی نہیں ہے کبھی یہ تاثر ملتا ہے کہ وہ بنگلہ دیش تسلیم نہ کرنے کے بارے میں جو عام رائے ہے، اسے قبول کر لیں گے اور مسٹر بھٹو پر بہت سے حلقوں کا یہ شبہ بھی کیا جاتا ہے کہ وہ خود بھی اپنے دل میں بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے کے حامی نہیں ہیں اور امور خارجہ کی مصلحتوں کی بنا پر وہ اس سلسلے میں سیاسی منافقت سے کام لے رہے ہیں اور بنگلہ دیش تسلیم کرنے کا سرے سے ان کا کوئی ارادہ ہی نہیں ہے۔ اصل صورت جو بھی ہو، مگر نوجوان اور طالب علم ان کے اس رویہ سے ذہنی الجھن میں مبتلا رہے اور اب اشتعال کا شکار ہیں، وہ سمجھتے ہیں کہ شیخ مجیب اور اندرا گاندھی کی سیاست کے سامنے مسٹر بھٹو مات کھا گئے ہیں اس لیے جنگی قیدی بھی واپس نہیں آ رہے اور شیخ مجیب کا رویہ بھی روز بروز سخت تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ اس لیے اب جو صورت حال ہے اس سے نپٹنے کے لیے مسٹر بھٹو سے بالکل مختلف شخصیت کی قیادت درکار ہے، جو تضاد بیانی نہ ہو راست گو ہو جو قوم کے سامنے بھی صفائی اور سچائی سے صورت حال رکھ سکے اور غیروں سے بھی آنکھ میں آنکھ ملا کر بات کرے اور جس کی ایک واضح راہ عمل ہو اور یہ راہ عمل نوجوانوں اور طالب علموں کو کسی منزل کا نشان دیتی ہو اور انہیں تاریکی سے نکال کر روشنی میں لے آئے اور نئی نسل کو واضح طور پر یہ معلوم ہو کہ کل کیا ہوگا، وہ کہاں کھڑے ہیں اور کہاں جا رہے ہیں۔ مسٹر بھٹو نئی نسل کو مستقبل کا یہ اطمینان اور اعتماد نہیں دے سکے، وہ مستقبل کے بارے میں خوفزدہ ہیں، انہیں یہ اندیشہ ہے کہ کل شاید قومی بےعزتی کے مزید مناظر دیکھنے ہوں گے، ممکن ہے ہم کسی کے غلام بن جائیں ہماری آزادی کھو جائے یہ سب وسوسے اور خدشات داخل مسٹر بھٹو کی قیادت کے بارے میں وسوسے اور خدشات ہیں اور انہی کی وجہ سے نوجوانوں میں مستقبل کے بارے میں یقین اور خود اعتمادی نہیں پیدا ہو رہی ہے۔ وہ اسے حاصل کرنا چاہتے ہیں اور اسی کے لیے مظاہرے کر رہے ہیں۔

طلبہ اور نوجوانوں کی موجودہ ناراضگی کا دوسرا سبب سیاسی جبر و استبداد کی فضا ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قوم نے جس ایوب خان کو نکالا تھا اس کی بدروح واپس آ گئی ہے اور اپنا انتقام لے رہی ہے، سیاسی لیڈروں اور کارکنوں سے طالب علموں سے وکیلوں سے، اخبار نویسوں سے ہر وہ عنصر جو سیاسی آزادیوں کا پرچم سربلند رکھ سکتا ہے، انتقامی کارروائیوں کی زد میں ہے، آج جو لوگ اظہار خیال کی آزادی کا حق استعمال کرنے پر مصر ہیں وہ اس کی بڑی قیمت ادا کر رہے ہیں، گرفتاریوں کا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہے جھوٹے مقدمات کی بھرمار ہے، گورنر اور وزیر روزانہ دھمکی آمیز بیانات جاری کرتے ہیں، ریڈیو ان کی کنیز ہے، ٹیلی ویژن ان کی باندی اور سب سے بڑھ کر یہ کہ سیاسی اقتدار پر فائز افراد نہایت بےشرمانہ طریقے پر غنڈوں سے ساز باز کر کے شہری آزادیوں کو ختم کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں اور پیپلز پارٹی کے باہر ہی نہیں اس کے اندر بھی کوئی آواز اٹھانے کی اجازت نہیں ہے، برسراقتدار گروہ کا عزم یہ نظر آتا ہے کہ سارے ملک کو ایک جیل خانہ بنا دیا جائے اور وہ خود اس کے داروغہ بنے رہیں۔ اگر اس ملک میں عدالتیں نہ ہوتیں تو اب تک معلوم نہیں کیا کچھ ہوتا، ایک سال کے مختصر عرصے میں جو کچھ ہوا ہوئی، وہ سب کے سامنے ہے، شورش کاشمیری کی جان پر بنی ہوئی ہے مگر انہیں رہائی نصیب نہیں ہوتی۔ الطاف گوہر عدالت میں طویل مقدمہ لڑنے کے بعد رہا ہو سکے اور آج تک یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ مسٹر بھٹو الطاف گوہر سے کیوں ناراض ہیں اور اگر کچھ ناراضگی رہی ہے تو اسے بھول کیوں نہیں جاتے۔ شیر علی کا بھی قصہ ایسا ہی ہے اور وہ عدالت سے رہا ہوئے تو اب جھوٹے کیسوں کا مقدمہ ان پر داغ دیا گیا ہے، نواب مظفر، عثمان کینیڈی، محمود الحق عثمانی ابھی تک جیلوں میں پڑے ہیں، ایک قانون کے تحت چھوٹتے نہیں پاتے کہ دوسرے قانون میں دھر لیے جاتے ہیں۔ یہ سب تو نمایاں اور مشہور لوگ ہیں، ورنہ گمنام قسم کے سینکڑوں سیاسی کارکن اور طالب علم جیلوں میں ہیں اور ان کی ضمانتیں تک نہیں ہو رہی ہیں، حد یہ ہے کہ ملک قاسم کو بھی معاف نہیں کیا گیا، حالانکہ ان کی کنونشن لیگ سے مسٹر بھٹو کی پیپلز پارٹی کو اب کیا خطرہ ہے۔ نوجوان جب اس صورت حال کو دیکھتے ہیں تو بھڑک اٹھتے ہیں، ان کا خون جوش مارنے لگتا ہے وہ آمریت اور شخصی حکومت کے ان مظاہر کو چپ چاپ خاموشی سے برداشت نہیں کر سکتے کیونکہ وہ پچھلے کئی سالوں سے ایک ایسی نئی دنیا کا خواب دیکھتے رہے ہیں، جہاں آزادی ہو لیکن اس خواب کی الٹی تعبیریں برآمد ہوئی ہیں اور وہ اپنے خوابوں کے برعکس اس سیاسی جبر و استبداد کی دنیا کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں، وہ اسے ختم کرنے کی شدید خواہش رکھتے ہیں اس کے لیے اگر جانیں دینے کی ضرورت ہے، جیلوں میں جانے کی ضرورت ہے۔ گولیاں کھانے کی ضرورت ہے، تو انہیں سب گوارا ہے۔ نوجوان ویسے بھی طبعاً انقلابی ہوتے ہیں۔ ایک ماہر نفسیات نے کہا تھا "اگر کوئی نوجوان ہے اور انقلابی نہیں تو وہ ذہنی مریض ہے اور اگر چالیس سال سے اوپر کا کوئی فرد انقلابی ہے تو اس کی ذہنی صحت ٹھیک نہیں" اس لیے ممکن ہے کہ پرانی نسل بہ تقاضائے عمر احتجاج و اضطراب پر قابو پا سکتی ہو مگر جہاں تک نوجوانوں اور طالب علموں کا تعلق ہے ان سے اس کی توقع صحیح نہیں، وہ اگر اپنا غم و غصہ ظاہر کریں تو یہ فطری ہے اور اگر بعض وقت یہ غم و غصہ مروجہ رسمی قوانین کی بھی پروا نہ کر سکے تو اس کے لیے بھی طالب علموں اور نوجوانوں کو قصوروار نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ اصل قصور وار تو ان حضرات کا ہے جو لوگوں کے سیاسی اور بنیادی حقوق پر مسلسل ڈاکہ زنی کر رہے ہیں اور چاہتے ہیں کہ پاکستانی قوم کے ہونٹ سی دیں زبانوں پر تالے لگا دیں قلم کے سینے پر تلوار کی نوک رکھ دیں اور تحریر و تقریر کو اپنے احکامات شاہی کا پابند بنا دیں۔

یہ ذہنیت وہ ہے جس نے نوجوانوں کو بھی یہ سوچنے پر مجبور کر دیا ہے کہ انقلاب کے بغیر چارہ نہیں، پھر ایسی حالت میں نوجوانوں سے یہ توقع رکھنا کہ وہ مظاہرے نہیں کریں گے جلوس نہیں نکالیں گے جلسوں میں شریک نہیں ہوں گے اور ریڈیو یا ٹیلیویژن سے جو کچھ کہا جائے گا اس پر ایمان لے آئیں گے، خام خیال ہے۔ ہمارے نوجوان یہ سمجھ رہے ہیں اور ٹھیک ہی سمجھ رہے ہیں کہ سیاسی آزادیوں کی دنیا کے حصول میں موجودہ قیادت زبردست رکاوٹ ہے، اس لیے وہ اس قیادت کے خلاف اپنے جذبات کے مظاہرے کا ہر حق اور ہر طریقہ استعمال کرنا چاہتے ہیں اور کر رہے ہیں۔

نوجوانوں اور طالب علموں کے لیے مسٹر بھٹو اور ان کی قیادت سے مایوسی کی ایک اور بڑی وجہ معاشی ہے۔ مسٹر بھٹو نے اپنے اردگرد جن لوگوں کو جمع کیا ہے اور جو ان کے باقاعدہ پیر اور دربان و سیل بنے ہوئے ہیں، وہ کسی نئے اور صحت مند معاشی نظام کے نقیب نظر نہیں آتے۔ اگر ان کونشن لیگیوں اور مرتبع پرستوں کی مدد سے کوئی عادلانہ معاشی نظام قائم ہو سکتا تھا تو ایوب خان کے زمانے میں معاشی انصاف کا خواب پورا ہو چکا ہوتا، لیکن ایسا نہیں ہو سکتا، اسی لیے آج ملک کے معاشی حالات پہلے سے زیادہ خراب ہیں اور اس کا اثر نوجوان اور طالب علم بھی شدت سے محسوس کر رہے ہیں، یہ بات نہیں کہ نوجوان جادو کی چھڑی چاہتے ہیں جس سے ایک رات میں حالات تبدیل ہو سکتے ہیں۔ وہ سب سے زیادہ یہ بات جاننا چاہتے ہیں کہ ایسا نہیں ہو سکتا، لیکن انہیں یہ بھی نظر نہیں آتا کہ ملک میں کسی صحت مند معاشی تبدیلی کا آغاز ہوا ہے یا ہونے والا ہے۔ اگر انہیں ایسا نظر آئے تو وہ مصائب اور تکالیف سہہ کر بھی اچھے مستقبل کے لیے جدوجہد کر سکتے ہیں، لیکن جب یہ محسوس ہو کہ کل آج سے بھی بدتر ہوگا، مہنگائی اور بڑھ جائے گی بےروزگاری میں اور اضافہ ہوگا تو وہ صبر اور برداشت کا مظاہرہ کس طرح کریں۔ سوشلزم، اسلامی سوشلزم، مساوات محمدی اور ایسی ہی سب باتوں کا عملی نتیجہ بھی نکلنا چاہیے تھا، اگر کوئی عملی نتیجہ نہیں نکلا ہے اور کسی اچھے نتیجے کے برآمد ہونے کی توقع ہے تو وہ کسی نئی راہ اور نئی قیادت کے لیے بےچینی ظاہر نہ کریں تو اور کیا کریں، یہ اظہار بےچینی اس بات کا ثبوت ہے کہ موجودہ قیادت ہمارے نوجوانوں کو اچھے اور نئے معاشی حالات کی نوید دینے میں ناکام رہی ہے۔ مختصر یہ کہ آج طالب علموں کا سراپائے احتجاج و جذبہ بن جانا تین باتوں کا نتیجہ ہے۔

۱۔ بین الاقوامی میدان سیاست میں موجودہ قیادت کی ناکامی۔

۲۔ جمہوری اقدار کے اعتبار سے داخلی سیاست میں موجودہ قیادت کی ناکامی۔

۳۔ معاشی حالات اور بہتر معاشی حالات کی امید کے اعتبار سے موجودہ قیادت کی ناکامی۔

حکومت اور قیادت ان ناکامیوں کا علاج سوچ سکتی تو یہ بہتر تھا، لیکن اس کے بجائے وہ طالب علموں اور نوجوانوں پر غم و غصہ اتار رہی ہے، لیکن کیا اس سے ان کی ناکامی کامیابی میں تبدیل ہو جائے گی؟

••

فکرِ اقبال

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر
ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا
محروم رہا دولت دریا سے وہ غواص
کرتا نہیں جو صحبت ساحل سے کنارا
دیں ہاتھ سے دے کر اگر آزاد ہو ملت
ہے ایسی تجارت میں مسلماں کو خسارا

(ارمغان حجاز)

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو
کینیڈا

Reg. No.236860 CP

جلد　　نمبر ۱۲

۱۳ جنوری ۱۹۷۳ء

شٹ اپ: پیرزادہ میں تمہاری گردن مروڑ دوں گا: ولی خان

قومی اسمبلی میں زبردست ہنگامہ حزب اختلاف کا واک آؤٹ

ذو مطالبات کی منظوری تک حزب اختلاف اور آزاد ارکان کی طرف سے اجلاس کے بائیکاٹ کا فیصلہ

یحییٰ پر مقدمہ چلانے کیلئے تحریک التوا خلاف ضابطہ قرار دیدی گئی

پیرزادہ کو ولی خاں کی دھمکیوں پر حکومتی پارٹی کی طرف سے تحریک استحقاق

راولپنڈی ۱۲ جنوری (نمائندہ جنگ. اپ پ - پ پ ا) آج قومی اسمبلی میں ایک مقامی انگریزی اخبار میں شائع ہونے والے ایک مضمون کے متعلق سردار شوکت حیات کی پیش کردہ تحریک استحقاق پر زبردست ہنگامہ ہو گیا حزب اختلاف اور برسر اقتدار جماعتوں کے ارکان کے درمیان تلخ کلامی ہوئی نیشنل عوامی پارٹی کے قائد عبدالولی خاں اور مرکزی وزیر قانون عبدالحفیظ پیرزادہ کے درمیان تلخ کلامی کے بعد ... دھمکیاں دی گئیں ہنگامہ اور شور و غل کے دوران بعض ارکان کو ایک دوسرے کے گتھم گتھا ہونے سے روکا گیا۔ ڈپٹی اسپیکر حنیف خاں نے ہنگامہ آرائی کو دیکھتے ہوئے اجلاس نماز مغرب کے وقت سے پہلے ہی نماز کے لئے ملتوی کر دیا۔ جب اجلاس دوبارہ شروع ہوا تو ڈپٹی اسپیکر نے ناخوشگوار واقعہ پر غور کرنے کے لئے ہونے والے پارلیمانی جماعتوں کے اجلاس کی بنا پر اسمبلی کا اجلاس پھر ایک گھنٹہ کے لئے ملتوی کر دیا۔ جب اجلاس دوبارہ شروع ہوا تو اسپیکر چوہدری فضل الٰہی نے خود اجلاس کی صدارت کی اور آزاد ارکان سمیت حزب اختلاف کے تمام ارکان اجلاس میں شریک نہیں ہوئے حزب اختلاف کے ترجمان سردار شوکت حیات نے حزب اختلاف کی طرف سے ایک بیان پڑھا اور اس کے بعد وہ ایوان سے واک کر کے چلے گئے۔ ان کے ایوان سے چلے جانے کے بعد ایوان کے ڈپٹی لیڈر شیخ رشید اور مرکزی وزراء عبدالحفیظ پیرزادہ، خورشید حسن میر، ڈاکٹر مبشر حسن، خان عبدالقیوم خاں اور رانا حنیف نے تقریریں کیں اسمبلی میں ہنگامہ اس وقت ہوا جب سردار شوکت حیات نے اخبار میں شائع ...

باقی صفحہ ۱۵

چشمۂ ظلمات کو...

(سید قاسم نوری)

مٹ جائیں گے ہم، تجھ کو نہ شرمندہ کریں گے
اے ارض وطن ہم تجھے پائندہ کریں گے

یاں در پئے آزاد حوادث　تو خطر کیا
ہم عظمت احساس کو تابندہ کریں گے

برمائیں گے خون دے کے بھی ہم عظمت کو
اس چشمۂ ظلمات کو رخشندہ کریں گے

رخ موڑ کے رکھ دیں گے ہر اک جور و ستم کا
ہم جرأت اسلاف کو پھر زندہ کریں گے

گو ساتھ نہ دے ساز زمانہ کبھی تو کیا
ہم اپنی نواؤں کو ہم آہنگ کریں گے

اترپردیش کے ایک کیمپ میں نہتے پاکستانی جانبازوں پر دوبارہ مسلح بھارتی محافظوں کی وحشیانہ فائرنگ

مزید چار پاکستانی جنگی قیدی شہید کر دیئے گئے

شہید ہونے والوں میں لانس نائک محمد امیر، تین سپاہی امیر الحق، محمد بشیر اور محمد زبیر شامل ہیں: دس زخمی

پاکستانی قیدیوں پر فرار ہونے کی کوشش کا الزام

سو قیدیوں نے کیمپ کا دروازہ توڑ دیا، بھارتی ریڈیو کا دعوے

ایک ہفتہ میں قیدیوں کی ہلاکت کا دوسرا واقعہ تحقیقات کا ڈھونگ پھر رچایا جائے گا

نئی دہلی ۱۲ جنوری (ریڈیو رپورٹ) بھارت میں مزید چار پاکستانی جنگی قیدیوں کو شہید کر دیا گیا۔ کل شام اترپردیش میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے کیمپ میں بھارت کے مسلح بزدل محافظوں نے پاکستان کے نہتے جانبازوں پر دوبارہ وحشیانہ فائرنگ کی جس سے چار پاکستانی قیدی شہید اور دس زخمی ہو گئے۔ آل انڈیا ریڈیو نے آج اس واقعہ کی خبر دیتے ہوئے پھر اس الزام کو دہرایا کہ پاکستانی قیدیوں نے کیمپ سے فرار ہونے کی کوشش کی تھی۔ بھارتی ریڈیو نے دعویٰ کیا کہ کیمپ کے ایک سو پاکستانی قیدیوں نے باڑہ توڑ دی تھی۔ واضح رہے کہ ایک ہفتہ میں پاکستانی قیدیوں پر فائرنگ کر کے انہیں شہید کرنے کا یہ دوسرا واقعہ ہے۔ تین روز قبل بہار میں بھارتی فائرنگ سے ایک پاکستانی قیدی شہید ہوا تھا۔ بھارتی حکومت نے جو جنیوا کنونشن اور تمام مسلمہ انسانی و اخلاقی روایات و آداب کو بالائے طاق رکھ کر پاکستانی قیدیوں کے معاملے میں انتہائی ڈھٹائی سے کام لے رہی ہے اب ایک مرتبہ پھر فائرنگ کے اس واقعہ کی تحقیقات کا ڈھونگ رچا رہی ہے۔ کل کی فائرنگ میں شہید ہونے والوں میں لانس نائک محمد امیر، سپاہی امیر الحق، سپاہی محمد بشیر اور سپاہی محمد زبیر شامل ہیں۔

بھارتی ریڈیو کے مطابق اترپردیش میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے کیمپ سے کل شام پاکستانی قیدیوں نے بھاگنے کی کوشش کی جس پر بھارتی مسلح محافظوں نے دو بار فائرنگ کی۔ بھارتی مسلح محافظوں کی فائرنگ سے چار پاکستانی قیدی شہید اور دس زخمی ہو گئے۔ بھارتی ریڈیو کے مطابق کل شام اترپردیش کے کیمپ سے دو پاکستانی قیدیوں نے فرار ہونے کی کوشش کی ... بھارتی محافظوں نے بار بار انہیں تنبیہ کی ... انہوں نے محافظوں کی وارننگ نظر انداز کر دی جس پر محافظوں نے گولی چلا دی۔ اس کے بعد مزید ایک سو پاکستانی جنگی قیدی کیمپ کی طرف ... دوڑے اور انہوں نے باڑھ کو توڑ ڈالا قیدیوں کو لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ بار بار متنبہ کیا گیا مگر ان پر اثر نہ ہوا بصورت حال پر قابو پانے کے لئے بھارتی محافظوں نے گولی چلا دی جس سے ایک قیدی شہید اور دو زخمی ہو گئے۔ زخمیوں کو طبی امداد پہنچائی گئی بعد میں تین قیدی زخموں کی تاب نہ لا کر جاں بحق ہو گئے۔ بھارتی حکومت نے اس واقعہ کی عدالتی تحقیقات کا حکم دیدیا ہے اور عالمی ریڈ کراس کو مطلع کر دیا گیا ہے۔

بھارتی قیدی کو واپس بھیج دیا گیا

لاہور ۱۲ جنوری (اپ پ) بھارت کے ایک جنگی قیدی کو جو پاکستان میں زیر علاج تھا اور جسے یکم دسمبر کو بھارت نہیں بھیجا جا سکا تھا آج واہگہ سرحد پر بھارتی حکام کے حوالے کیا گیا۔ آج پاکستانی جنگی قیدیوں کے لئے تحائف کے پارسل بھی بھارتی حکام کے حوالے کئے گئے۔

شاہ ایران پاکستان آئیں گے

راولپنڈی ۱۲ جنوری (دوک) شہنشاہ ایران اس ماہ کے تیسرے ہفتے کے دوران پاکستان کا مختصر دورہ کریں گے۔ سفارتی حلقوں کی مصدقہ اطلاعات کے مطابق شاہ عید کے فوراً بعد اس ملک کا دورہ کریں گے۔

ایشیا میں آزاد صحافت کا گلا گھونٹ دیا گیا

انٹرنیشنل پریس انسٹیٹیوٹ کی سالانہ رپورٹ

زیورخ ۱۲ جنوری (اپ پ) انٹرنیشنل پریس انسٹیٹیوٹ نے ۱۹۷۲ء کو آزادی صحافت کے لئے شکست کا سال قرار دیا ہے۔ انسٹیٹیوٹ کے ڈائریکٹر ... نے اپنی سالانہ رپورٹ میں لکھا ہے کہ گزشتہ سال ایشیا میں ... [illegible]

موجودہ قومی اسمبلی آئین بنانے کی پوری طرح مجاز ہے

عبوری آئین جائز ہے قرارداد مقاصد برتر دستاویز نہیں: سپریم کورٹ کا فیصلہ

لاہور ۱۲ جنوری (اپ پ) سپریم کورٹ آف پاکستان کی پوری بنچ نے پانچ اپیلوں پر فیصلہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ قومی اسمبلی آئین بنانے کی مجاز ہے عبوری آئین ایک جائز دستاویز ہے اور قرارداد مقاصد بنیادی اصول ہے اور اسے برتر آئینی دستاویز نہیں کہا جا سکتا ہے۔ پوری بنچ چیف جسٹس مسٹر جسٹس حمود الرحمٰن، مسٹر جسٹس یعقوب علی، مسٹر جسٹس سجاد احمد، مسٹر جسٹس صلاح الدین احمد اور مسٹر جسٹس انوار الحق پر مشتمل تھی۔ پانچ اپیلوں میں سے چار پر فیصلہ دیا گیا ہے چار اپیلیں حکومت پنجاب کی تھیں اور ایک اپیل مسٹر ... سپریم کورٹ نے اس سوال کے بارے میں کہ آیا موجودہ قومی اسمبلی کو آئین بنانے کا اختیار ہے کہا ہے کہ ... [illegible]

پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو اسمگلنگ کرنیوالے ٹرکوں کو آگ لگانے کی ہدایت

کوئی اسمگلر پکڑا گیا تو حکومت اس کا خون چوس لے گی، گورنر کھر کا انتباہ

گجرات ۱۲ جنوری (اپ پ) پنجاب کے گورنر غلام مصطفیٰ کھر نے ... پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اسمگلنگ کا مال لے جانے والے ٹرکوں کو آگ لگا دیں ... [illegible]

۱۰ بنگالی افغانستان فرار ہوتے ہوئے گرفتار

ملتان ۱۲ جنوری (اپ پ) ڈیرہ غازیخان کی سرحدی پولیس نے ۱۰ بنگالیوں کو گرفتار کیا ہے جو تونسہ اور ڈیرہ غازیخان سے بلوچستان اور افغانستان کے راستے مشرقی پاکستان فرار ہونے کی کوشش کر رہے تھے ... [illegible]

ڈھاکہ کے صحافی کو ہلاک کرنے کے الزام میں

اٹھارہ سالہ طالب علم کو عمر قید کی سزا

ڈھاکہ ۱۲ جنوری (اپ پ / رائٹر) مقامی صحافی ... [illegible]